

عالمی تنظیم برائے فالج

# اسٹروک سپورٹ
# تنظیم ٹول کٹ

S·A·F·E
Stroke Alliance For Europe

StrokeSolidarity

Stroke
association

World Stroke
Organization

**شائع کردہ**

Stroke Association
Stroke Association House
City Road 240
London
EC1V 2PR
ای-میل: info@stroke.org.uk
stroke.org.uk

Item Code: **A12UKSF05**

اسٹروک ایسوسیشین ایک گارنٹی شدہ لمیٹڈ کمپنی ہے، جو برطانیہ اور ویلز میں رجسٹرڈ ہے (No 61274)۔
رجسٹرڈ آفس: Stroke Association House, 240 City Road, London EC1V 2PR برطانیہ اور ویلز میں بطور چیرٹی رجسٹرڈ (No 211015)
اور اسکاٹ لینڈ میں (SC037789)۔ شمالی آئر لینڈ میں بھی رجسٹرڈ (XT33805) جزیرہ مین (نمبر 945) اور جرسی میں (NPO 369)۔

# مشمولات


1 تعارف اور پیش لفظ 4
1.1 تعارف 4
2.1 کیوں ایک SSO لازمی ہے 4
3.1 پروفیسر نورونگ کی طرف سے پیش لفظ 5

2 ٹول کٹ کے مقاصد 6

3 اہم حقائق 7
4 ٹول کٹ کے لیے تحقیق 8
1.4 ہم نے اپنی معلومات کیسے جمع کیں 8
2.4 تنظیموں کا انتخاب کیسے کیا گیا؟ 9
3.4 جواب کا میزانیہ 10

5 ٹول کٹ کو کیسے استعمال کیا جائے؟ 11

6 کیسے شروع کیا جائے 12
1.6 ایک بہتر SSO بنانے کے لیے کیا درکار ہے؟ 12
2.6 مدد کے لیے لوگوں کی تلاش 13
3.6 پہلی ملاقات 15
4.6 پہلی ملاقات کے بعد 16
5.6 آپ کے پہلے منصوبے کے مندرجات 17
6.6 'آغاز' کا انجام 21

7 SSO کی نشو نما 22
1.7 ہم اب کہاں ہیں؟ 22
2.7 ہم کہاں پہنچنا چاہتے ہیں؟ 25
3.7 وہاں کیسے پہنچیں؟ 25
4.7 ترجیحات کیسے مقرر کریں؟ 25
5.7 منصوبے کو عمل میں کیسے ڈھالا جائے؟ 26
6.7 اہم مسائل سے نمٹنا؟ 27
1.6.7 فنڈنگ 27
2.6.7 رضاکار 32
1.2.6.7 رضاکاروں کی تلاش 32
2.2.6.7 رضاکاروں کا انتخاب 33
3.2.6.7 رضاکاروں سے متعلق مینیجمنٹ 33
3.6.7 تنظیمی ڈھانچہ گورننس 34
4.6.7 مہم چلانا اور اثر انداز ہونا 35
5.6.7 تجزیہ اور پائیداری 38
1.5.6.7 تجزیہ 38
2.5.6.7 استحکام 38

8 دیگر کیس اسٹڈیز 39
1.8 عملے کو درست مہارتوں کے ساتھ تیار کریں 39
2.8 قانونی مسائل 39
3.8 خدمات کے استعمال کنندگان کی نمائندگی 39
4.8 فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں سے مشاورت 40
5.8 ممالک کی کیس اسٹڈیز 40

9 مدد کیلئے کہاں جانا ہے 43
1.9 فالج کی عالمی تنظیم میں شامل ہوں 43
2.9 یورپ کیلئے فالج سے متاثر اتحاد میں شامل ہوں 43
3.9 اہم رابطے اور مفید وسائل 44

10 اظہار تشکر 45

11 ذمہ داری سے دست برداری 46
فرہنگ 46

ضمیمہI 47
اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے فیکٹ شیٹس

ضمیمہII 48
منصوبہ بندی آلات

ضمیمہIII 50
آئین کی مثال

# 1. تعارف اور پیش لفظ

## 1.1 تعارف

فالج کے حملہ میں معاونت کرنے والی تنظیموں (SSO) کا معاشرے میں فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کی معاونت اور مریضوں کی آواز کو قوت بخشنے میں ایک کلیدی کردار ہے۔ فالج کے مرض میں مبتلا لوگوں کے لیے خدمات کی بہتری کے حوالے سے بھی ان کا کردار ہے۔

SSO کے کام کے بغیر، فالج کی روک تھام اور نگہداشت کے حوالے سے بہت سی بہتریاں کبھی رونما نہ ہوتیں۔ تاہم ابھی بھی بہت کچھ ایسا ہے جو ہم کر سکتے ہیں۔

## 2.1 فالج کے حملے میں معاونت کی تنظیم کیوں ضروری ہے

SSO ایک ایسی دنیا میں مریضوں کی نمائندگی کرتی ہیں جو کہ بڑی حد تک صحت کے حوالے سے پیشہ وروں کی آراء پر مرکوز ہے۔ SSO کر سکتی ہیں:

- فالج میں نگہداشت کے حوالے سے فیصلے کرنے والوں کو یہ سمجھنے میں مدد دے سکتی ہیں کہ فالج کے دورے سے متاثرہ افراد کے لیے کیا اہم ہے - یہ اس وقت اہم ہے جب علامات پوشیدہ ہو سکتی ہوں، یا لوگوں کی اپنا نقطہ نظر بیان کرنے کی صلاحیت کو محدود کر سکتی ہوں؛
- فالج سے متاثرہ افراد کو وہ تعاون فراہم کر سکتی ہیں جو اور کوئی نہیں کر سکتا یا کرے گا؛
- سماجی تعاون کے گروہ فراہم کر سکتی ہیں، جنہوں نے ظاہر کیا ہے کہ بحالی میں ان کا بہت مثبت اثر ہے؛
- فالج سے متاثرہ افراد کی طرف سے وکالت اور عمل کر سکتی ہیں؛
- تبدیلی اور حکومتی پالیسیوں کیلئے مدد کی مہم جوئی؛
- فالج کے پیشہ وروں کو فالج سے متاثرہ افراد سے بہتر رابطے میں مدد کر سکتی ہیں۔

## 3.1 پروفیسر نورونگ کی طرف سے پیش لفظ

2006 میں، کیپ ٹاؤن میں ہونے والی عالمی فالج کانگرس میں، بین الاقوامی فالج سوسائٹی اور عالمی فالج فیڈریشن (WSF)، عالمی سطح پر فالج کی نمائندگی کرنے والی دو اہم تنظیمیں، ایک نئی عالمی فالج تنظیم (WSO) بنانے کے لیے ضم ہو گئیں۔ اس طرح WSO انفرادی اراکین، اور پیشہ ور افراد نیز فالج میں تعاون کرنے والی تنظیموں (SSO) پر مشتمل ہے۔ WSO فالج کی نگہداشت تک رسائی فراہم کرنے اور ایسی تحقیق و تعلیم کے فروغ کے حوالے سے مدد کرتی ہے جو پوری دنیا میں فالج کے حملے سے بچ جانے والوں کی نگہداشت میں بہتری لا سکیں:



- عروقی دیوانگی اور فالج سے متاثرہ افراد کے بچاؤ اور نگہداشت کے فروغ کے ذریعے؛
- عمل کے بہترین معیار کے فروغ کے ذریعے؛
- دیگر بین الاقوامی، عوامی اور نجی تنظیموں کے تعاون سے خواندگی کے فروغ کے ذریعے؛
- طبی تحقیق کی سہولیات مہیا کر کے۔

فالج میں تعاون کرنے والی تنظیموں کی بڑھوتری اس مشن کا حصہ ہے، جو کہ عالمی سطح پر اتنی ترقی یافتہ نہیں ہے جتنی ہونی چاہیے۔ فالج کے حملے میں معاونت کی تنظیمیں جو کہ WSO کی ذیلی کمیٹی ہیں اس کام میں رہنمائی کرتی ہیں۔

WSO نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ممکنہ اور موجودہ SSO فالج کے حملے کے بعد لوگوں کو زندگیوں کی از سر نو تعمیر میں مدد دینے کے مقصد کو پورا کرنے کے قابل ہیں، انہیں معاونت اور رہنمائی پیش کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ SSO کی آواز WSO کا اہم حصہ ہے۔

اس ٹول کٹ میں شامل تجربات کو دیکھ کر مجھے یقین ہے کہ یہ نئے آنے والوں کے لیے یہ جاننے میں مددگار ہوں گے کہ کیا قابل عمل ہے اور کیا نہیں، اور یہ جاننے میں بھی مدد دیں گے کہ وہ خود کیا ہوں گے۔ WSO تمام خطوں میں SSO کی نشوونما کی بھر پور حمایت کرتا ہے - اس اہم کام میں آپ سب کے لیے میری نیک تمنائیں ہیں۔

**پروفیسر بو نورونگ**
صدر، عالمی تنظیم برائے فالج

# 2 ٹول کٹ کے مقاصد

**اس کا مقصد دونوں موجودہ اور ممکنہ نئی SSO کے لیے ایک "ٹول کٹ" وسیلہ تیار کرنا تھا جو ایک SSO کی نشوو نما اور بڑھوتری کے حوالے سے رہنمائی اور معاونت پیش کرتی ہو، بطور خاص دنیا کے ان علاقوں میں جہاں موجودہ وقت میں کوئی SSO موجود نہیں ہے۔**

یہ ٹول کٹ دنیا بھر میں فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کے ساتھ کام کرنے والوں کے لیے مفید ہو گی، اور WSO کو فالج کے حملے میں بچ جانے والوں کے لیے تعاون کی عالمی تصویر کے حوالے سے اطلاع دینے میں مدد کرے گی۔



# 3 اہم حقائق

دنیا بھر میں[1]، فالج کے حوالے سے ہونے والی تحقیق سے ہم نے جانا ہے کہ:

- دنیا بھر میں ہر سال تقریبا 15 ملین لوگ فالج کا شکار ہوتے ہیں
- فالج متاثرین میں تقریبا ایک چوتھائی ایسے لوگ ہیں جن کی عمر 65 سال سے کم ہے
- فالج کا حملہ متاثرین میں سے تقریبا ایک تہائی کو مستقل معذور بنا دیتا ہے
- فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں میں فالج کا دوبارہ حملہ عام ہے اور جو لوگ فالج کے پہلے حملے میں ٹھیک ہو جاتے ہیں ان میں سے تقریبا ایک چوتھائی پر پانچ سال کے اندر دوسرا حملہ ہو جائے گا۔

**اس ٹول کٹ کی تیاری کے لیے، ہم نے دنیا بھر میں موجود 19 SSO سے معلومات جمع کی ہیں (دیکھیے سیکشن 4) جو ظاہر کرتا ہے کہ:**

- **89 فیصد** SSO نے اپنی تنظیم کی بڑھوتری میں اہم رکاوٹ کے طور پر **مالی** مسائل، جیسا کہ عطیات کی تلاش، کی نشاندہی کی ہے۔ **50 فیصد** SSO نے محسوس کیا ہے کہ ایک SSO شروع کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ مالیات ہیں۔
- صرف **ایک** تنظیم نے مالیات کو کوئی رکاوٹ نہیں کہا۔
- **39 فیصد** جن SSO سے ہم نے پوچھا ان کا خیال ہے کہ ترقی میں ایک بڑی رکاوٹ حکومت کی جانب سے حاصل ہونے والے تعاون کا فقدان ہے۔
- **22 فیصد** کا خیال ہے کہ ان کے ملک میں فالج کے حوالے سے آگاہی بہت کم ہے جو کہ ان کی تنظیم کی وسعت میں ایک اہم رکاوٹ ہے۔
- صرف **19 میں سے 4** تنظیمیں ایسی ہیں جن کے پاس مالی محفوظات کے کوئی بڑے اثاثے موجود ہیں۔
- 19 تنظیمیں جن سے ہم نے پوچھا ان میں سے 4 کے پاس معاوضے پر کام کرنے والا کوئی عملہ نہیں اور دو کے پاس معاوضے پر کام کرنے والا صرف ایک رکن ہے۔
- ان تنظیموں میں سے 13 رضاکاروں کی بھرتی میں مدد کے لیے پیشہ وروں، 'باتوں' اور فالج کے حملے میں بچ جانے والوں اور نگہداشت کرنے والوں پر انحصار کرتی ہیں۔ صرف 3 تنظیمیں رضا کار بھرتی کرنے والی ایجنسیوں تک رسائی کے قابل تھیں۔
- **39 فیصد** SSO یقین رکھتی ہیں کہ SSO شروع کرنے میں ایک اہم رکاوٹ مناسب عملے اور رضاکاروں کا فقدان تھا۔
- **22 فیصد** یہ یقین رکھتی ہیں کہ ان کے ملک میں صرف چند NGOs ہیں اور جو موجود ہیں ان کی معاونت کا کوئی فریم ورک دستیاب نہیں ہے۔
- **33 فیصد** تنظیموں کا **قومی** حکومت کے ساتھ تعلق ہے، **27 فیصد** کا مقامی **حکومت** کے ساتھ تعلق ہے، 16 فیصد کا **قومی اور مقامی** دونوں حکومتوں کے ساتھ تعلق ہے اور **11 فیصد** کا کسی **حکومت سے بالکل کوئی تعلق** نہیں۔
- 19 میں سے 13 تنظیمیں تبدیلی کی مہم میں شامل ہیں۔ **بلڈ پریشر کے حوالے سے آگاہی** مہمات میں سب سے عام مہم تھی، مہمات میں سے **تقریبا ایک چوتھائی** (25 فیصد) اسی پر مرکوز تھیں۔ 38 فیصد مہم جوئی **اسٹروک آگاہی ہفتہ پر مرکوز تھی**۔
- 22 فیصد تنظیمیں رضاکاروں کی زیر قیادت ہیں۔ **11 فیصد** تنظیمیں **کسی** رضاکاروں کے ساتھ بالکل کام نہیں کرتیں۔ 38 فیصد تنظیمیں 100 یا زیادہ رزاکاروں کے ساتھ کام کرتیں ہیں۔

[1] معلومات اتحاد بسلسلہ فالج برائے یورپ کی ویب سائٹ سے لی گئی ہیں **www.safestroke.org**

# 4 ٹول کٹ کے لیے تحقیق

## 1.4 ہم نے اپنی معلومات کیسے جمع کیں

اس سے قبل کہ یہ ٹول کٹ تیار ہوتی، پہلے سے موجود SSO اور اسی طرح تنظیم کے مختلف 'نمونوں' کے متعلق معلومات درکار تھیں۔ نقطہ آغاز کچھ موجود تنظیموں کی سرگرمیوں کے خاکہ کی تیاری تھی۔ اس کے بعد ہم نے خاکے کو بنیاد بنا کر ایک سوال نامہ تیار کیا جو کہ دنیا بھر میں ان تمام SSO کو ارسال کیا گیا جن کے بارے میں WSO کو علم تھا۔ سوالنامہ سرگرمیوں اور تاریخ کے متعلق تھا اور جو سوال پوچھے گئے وہ کچھ اس طرح کے تھے:

- آپ کے ملک میں ایک SSO قائم کرنے میں سب سے بڑی رکاوٹ کیا ہے؟
- آپ نے اس رکاوٹ پر کیسے قابو پایا؟
- فالج زدہ لوگوں کو آپ کی تنظیم معاونت کی کون سی خدمات پیش کرتی ہے؟
- فالج کے حملے میں بچ جانے والوں اور ان کے خاندانوں کا آپ کی تنظیم کو چلانے میں کتنا اثر و رسوخ ہے؟

یہ سوالات پوچھنے سے، 2012 میں دنیا بھر کی SSOs کی سرگرمیوں، تجربات اور مسائل کا ایک خاکہ تیار ہو گیا جو کہ ان لوگوں کو جو ایک SSO قائم کرنا چاہتے ہیں یہ دکھانے میں مدد فراہم کر سکتا ہے کہ کیا ممکن ہے اور انہیں کیا مسائل پیش آ سکتے ہیں۔


سوالنامے دنیا بھر کی 35 مختلف SSO کو بھیجے گئے (ان تنظیموں کی فہرست تشکر گوئی میں موجود ہے)۔ جب سوال نامے وصول کیے گئے، تو معلومات کو درج ذیل مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا:

- ایک تنظیم قائم کرنے کے لیے مختلف اختیارات کے بارے میں رہنمائی کی تیاری؛
- ایک SSO کے قیام اور بڑھوتری میں درپیش رکاوٹوں کو ظاہر کرنا، مثالیں دینا کہ دوسرے ان مسائل کے ساتھ کس طرح نبرد آزما ہوئے؛
- مختلف SSO اور ان کے تجربات کے متعلق کیس اسٹڈیز تیار کرنے کے لیے؛

## 2.4 تنظیموں کا انتخاب کیسے کیا گیا؟

35 تنظیمیں جن سے سوال نامہ مکمل کرنے کا کہا گیا، ان میں سے 19 عالمی تنظیم برائے فالج کی رکن ہیں **(براہ مہربانی تفصیلات کے لیے تشکر گوئی دیکھیں)۔** باقی 16 وہ تنظیمیں تھیں جو کہ یا تو کسی WSO رکن کے علم میں تھیں یا پھر SSO ٹیم کے کسی ممبر کے علم میں۔

یہ دیکھنے کے لیے کہ ٹول کٹ کا مسودہ مددگار ہے اسے کچھ رضاکار SSO کے ذریعے پرکھا گیا۔



## 3.4 جواب کا میزانیہ

**35 تنظیموں میں سے جنہیں ہم نے سوال نامہ ارسال کیا تھا، ہم نے اپنے جوابی ہدف کی 54 فیصد شرح حاصل کی۔**

ٹیم کی جانب سے بھیجی گئی ای میلوں کی اکثریت انگلش میں تھی جو کہ کچھ SSO کے لیے ایک رکاوٹ ہو سکتی ہے۔ ٹیم نے اس بات کو یقینی بنایا کہ مختلف ممالک اور بر اعظموں کے ایک سلسلے کے جوابات اس ٹول کٹ میں منعکس ہوں۔



# 5 ٹول کٹ کو کیسے استعمال کیا جائے؟

**ہم نے ٹول کٹ کو 2 اہم مرکزی حصوں میں تقسیم کر دیا ہے:**

1. **SSO شروع کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے** - یہ سیکشن 6 ہے
2. **SSO نشوو نما میں آپ کی مدد کرنے کے لیے** - یہ سیکشن 7 ہے

آپ ایک SSO شروع کرنا چاہتے ہیں یا پہلے سے موجود کی نشوو نما چاہتے ہیں، امید ہے کہ اس ٹول کٹ کے استعمال کنندگان اس کے بیشتر مندرجات کو مددگار پائیں گے۔ یہ پڑھنے والوں کے لیے اس طرح ترتیب دی گئی ہے کہ وہ اپنے لیے مناسب ترین حصہ منتخب کر سکتے ہیں۔

نیز ہم کیس اسٹڈیز کی کافی تعداد کے لیے شکر گزار ہیں جو کہ موجودہ SSO کی جانب سے جمع کروائی گئیں۔ حقیقی زندگی کہ یہ مثالیں کہ کس طرح SSO نے مخصوص مسائل پر قابو پایا، متاثر کن بھی ہوں گی اور رہنما بھی۔

# 6 کیسے شروع کیا جائے

اگرچہ ہماری کچھ SSO بڑی تنظیمیں ہیں جن کے پاس عملے اور رضاکاروں کی ایک بڑی تعداد ہے، ان میں ایک بات مشترکہ ہے - انہوں نے لوگوں کے ایک چھوٹے سے گروہ سے آغاز کیا جو کہ اس عمومی مقصد سے متاثر تھا۔

ہمیں امید ہے کہ اس ٹول کٹ کا سیکشن 6 آپ کو وہ تمام معلومات فراہم کرے گا جن کی ایک SSO کے کامیاب آغاز کے لیے آپ کو ضرورت ہو۔

## 1.6 ایک بہتر SSO بنانے کے لیے کیا درکار ہے؟

ہماری تحقیق تجویز کرتی ہے کہ کامیاب SSO مندرجہ ذیل خصوصیات کی حامل ہوتی ہیں:

- جذبے اور عزم کے ساتھ ایک فرد کچھ لوگوں کے لیے؛
- لوگوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ مشغول ہونے کی صلاحیت؛
- اس بات کا فہم کہ فالج کی دنیا کو تبدیل کرنے کی خواہش ابتدائی طور پر کم تعداد میں چیزوں کو بہتر انداز سے کرنے پر توجہ مرکوز کرنے سے پوری کی جا سکتی ہے؛
- اور جیسا کہ سیکشن 3 میں ہم نے تحقیق اور بنیادی حقائق سے میں دیکھا - پیسہ، پیسہ، پیسہ۔



## 2.6 مدد کے لیے لوگوں کی تلاش

فالج سے نبرد آزما ہونا ایک تنہائی پذیر تجربہ ہو سکتا ہے لیکن ایسا نہیں ہونا چاہیے، کیوں کہ ایسے بہت سے افراد اور تنظیمیں ہیں جو مدد کر سکتے ہیں، بشمول:

- **پیشہ ور اور خدمات کے صارف رضاکار،** - سبکدوش پیشہ ور، فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کے گروہ یا نگہداشت کرنے والے جو کہ فالج کے متعلق دلچسپی رکھتے ہوں وہ اپنا وقت اور تجربہ فراہم کرنے کے لیے رضامند ہو سکتے ہیں۔

**کیس اسٹڈیز:**
**تنظیم میں خدمات کے صارفین کی شمولیت - انڈونیشیا اور برطانیہ**

**انڈونیشیا** نے یہ جانا کہ خدمات کے صارفین کو مختلف مواقع اور سیمیناز، یا عالمی دن برائے فالج کی سرگرمیوں میں شرکت کی دعوت نے آگاہی کو بڑھا دیا۔

**برطانوی اسمبلی برائے فالج** ہے ایک مسائل کو نمایاں کرنے کا ایک فورم ہے اور اس کے شرکاء کی اکثریت ایسے افراد ہیں جو فالج کے حملے سے زندہ بچ جانے والے اور نگہداشت کرنے والے ہیں۔ فالج سے متاثرہ افراد پروگرام کو ترتیب دینے اور موقع کو ممکنہ حد تک قابل رسائی بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

- **مقامی ہسپتال / حفاظتِ صحت فراہم کنندگان** - آپ کو بتا سکتے ہیں کہ فالج سے بچ جانے والوں کے لیے کون سی خدمات موجود ہیں، اور ان کا بچ جانے والوں سے رابطہ بھی ہوتا ہے۔
- **مقامی یا قومی حکومتی بیورو جو کہ فراہمی صحت کی ذمہ دار ہے**- وہ بھی ایسی تنظیموں کی تلاش میں ہوں گے جو فالج سے متعلق خدمات مہیا کر سکیں یا تجاویز اور چندہ فراہم کرنے کے قابل ہوں۔
- **پیشہ ور افراد اور تھیراپسٹس** – فالج کے حملے سے بچ جانے والوں سے رابطے میں ہوں گے جو شاید مستقبل میں آپ کی خدمات استعمال کرنے کے خواہاں ہوں۔

**کیس اسٹڈی:**
**ہدف اسٹروک پیشہ ور – سلووینیا**

**سلووینیا** نے اپنی کوششوں کو فالج کے ریٹائر پیشہ وروں کو مشغول کرنے پر مرکوز کیا جن کے پاس وقت زیادہ ہے اور اب بھی وہ تبدیلی کا جذبہ رکھتے ہیں۔ تنظیم میں کچھ پیشہ ور افراد بالکل آغاز میں بہت فعال تھے۔ آہستہ آہستہ دیگر ماہرین بھی متوجہ ہو گئے، خاص طور پر وہ جن پاس شوق، تعلیم اور وقت تھا۔ کچھ پہلے سے رضاکارنہ کام کا تجربہ رکھتے تھے۔

- **دیگر تنظیمیں** جن کی اور آپ کی دلچسپی مشترک ہو اور آپ سے تعاون قائم کرنے کی خواہش مند ہوں گی۔
- **ایک فرد یا ماہرین کا ایک چھوٹا سا گروہ** - جو کچھ بنیادی معاونت اور فنڈ حاصل کرنے کے لیے پالیسی سازوں اور مخیر حضرات پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔
- کیا آپ کے ملک میں کوئی ایسی **تنظیم ہے جو این جی اوز (غیر سرکاری تنظیمیں) کو تعاون اور رہنمائی پیش کرتی ہے**؟ ان تک پہنچیں اور دیکھیں کہ وہ وسائل، معلومات اور گرانٹ کے حوالے سے کیا پیش کر سکتی ہیں۔
- **کیا کچھ اور تنظیمیں ہیں** جو آپ کے ساتھ شراکت داری میں دلچسپی رکھتی ہوں، ساتھ مل کر کچھ کام کرنے کے حوالے سے؟

- **ایسی تنظمیں جو دل اور صحت کی دیگر حالتوں کے حوالے سے کام کر رہی ہیں** شاید انہوں نے ماضی میں فالج کے حوالے سے کچھ کام کیا ہو۔ شاید وہ وسائل بانٹنے کے حوالے سے آمادہ ہوں یا کئی حالتوں کے بارے میں بشمول فالج مہم چلانے میں دلچسپی رکھتی ہوں۔ دائمی مرض کے متعلق مخصوص مسائل کے بارے میں لابی کرنے کے لیے اتحاد پر ضرور غور کریں، بیماری سے بچاو یا متاثرین کے ساتھ تعاون کے لیے۔

- **کیا کوئی ایسی ممکنہ تنظیم ہے جو آپ کی تنظیم کی مخالف ہو جس سے بات کرنے یا اس پر اثر انداز ہونے کی ضرورت ہو؟**

دائرے کے اعتبار سے چھوٹی، موجودہ تنظیمیں شاید خوف محسوس کریں۔ کیا ایسا کوئی موقع ہے کہ ان کے ساتھ کام کیا جائے بجائے اس کے کہ ایک بالکل نئی تنظیم قائم کی جائے؟ شاید آپ کو ایسے پالیسی سازوں تک آگاہی پہنچانے کی ضرورت ہو جو یہ سوچتے ہیں کہ SSO کی ضرورت نہیں ہے۔ نگہداشت صحت کے پیشہ ور اور فراہم کنندگان جیسا کہ ہسپتال شاید آپ کی تنظمیم میں دلچسپی نہ رکھتے ہوں اور اسے اپنے کردار کے لیے خطرہ محسوس کریں۔

- **کیا آپ موجود مریض یا کسی معاونتی گروہ سے بات کرنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں؟**

شاید کچھ چھوٹے رضا کار گروہ ہوں جن کے ساتھ آپ کام کر سکتے ہیں، جیسا کہ فالج کے کلب جن کے پاس پہلے سے رضاکار اور فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والے موجود ہوں۔ آپ کو شروع سے ہی فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور نگہداشت کرنے والوں کے ساتھ مشغول ہونے کی ضرورت ہے۔

**کیس اسٹڈی:**
**فالج کے پیشہ وروں کو ہدف بنانا– اسرائیل**

**اسرائیل** نے ایک مقامی جامعہ کے شعبہ تکلم اور زبانی تھراپی سے مذاکرات کیے۔ فتور نطق کے خاندان کے لیے مضمرات پر مرکوز ایک تربیتی پروگرام دوسرے سال کے طلبہ کو ان کے طبی تربیت میں داخل ہونے سے قبل پیش کیا گیا۔ ان سے یہ مطلوب تھا کہ وہ کسی خاندان کے ساتھ رہیں اور فالج کے کلب ایک سرگرمی تخلیق کریں۔ SSO کے نتائج بہت مفید تھے - اسرائیل کو طلبہ کی ہدایت کا معاوضہ دیا گیا، فالج کلب میں مفت اور قیمتی سرگرمیاں تخلیق ہوئیں، اور طلبہ نے فالج میں تخصص کا انتخاب کرنا شروع کر دیا جب کہ اس سے قبل وہ اس کے حق میں نہیں تھے۔



# 3.6 پہلی ملاقات

اس بات کی نشاندہی اور تصدیق کے بعد کہ SSO کی حقیقی ضرورت موجود ہے، اور پر امید طور پر لوگوں کی ایک تعداد بھی تلاش کر لی گئی جو ایسا ہی سوچتے ہیں، آغاز کا بہترین طریقہ اجلاس بلانا ہے۔

**تمام اجلاس کئی گنا بہتر کام کریں گے اگر:**

- ان کے واضح مقاصد کا ایک مجموعہ ہو جس سے تمام شرکاء آگاہ ہوں؛
- اجلاس سے قبل معلومات کی ایک مناسب مقدار (نہ بہت زیادہ، نہ بہت کم) جاری کر دی جائے، تا کہ ہر کسی کی سمجھ کی سطح یکساں ہو؛
- ایسے محل وقوع میں ہوں جو لوگوں کو 'تجارت پیشہ' لگنے میں مدد دے۔ بسا اوقات، کسی کے گھر میں اجلاس کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہو گا۔
- ریفریشمنٹ ہمیشہ مددگار ہوتی ہے!
- کوئی اجلاس کی 'صدارت' کرنے یا 'سہولت دینے' کے قابل ہے، جو:
  - واضح طور پر گفتگو کر سکے؛
  - لوگوں کو شرکت کے لیے ابھارے؛
  - بحث مباحثے کو متعلقہ موضوع تک اور دستیاب وقت میں ہی رکھے؛
  - بحث کا خلاصہ پیش کرے اور معاہدہوں یا فیصلوں کے متعلق کہے؛
  - پرجوش اور حوصلہ افزا رہے۔

خاص طور پر پہلے اجلاس میں، یہ مفید ہو گا کہ صدر یا سہولت فراہم کننده کے کاموں کو تقسیم کر لیا جائے، تا کہ کام تقسیم ہو جائے اور ایک ہی فرد پورے اجلاس پر چھایا نہ رہے۔

- کوئی اجلاس کے نکات لکھ رہا ہے، یا کم از کم راضی شده نقطہائے عمل یا دیگر اہم نکات لکھ رہا ہے۔ نیز، ہر کسی کے رابطہ کی تفصیلات لینا نہ بھولیں - پرنٹ کیا ہوا ایک فارم مدد گار ہو گا۔

**پنے پہلے اجلاسوں میں، آپ کو رضامندی طلب کرنی چاہیے:**

1. کاموں کی فہرست، ذمہ دار افراد اور تاریخ جب کام مکمل ہو جانے چاہیئں؛
2. SSO میں مرکزی لوگ کون ہوں گے، مثال کے طور پر، صدر، خزانچی اور سیکٹری؛
3. کتنے لوگ اجلاس جاری رکھنا چاہتے ہیں؛
4. اجلاسوں کو شرکت کے لحاظ سے بہتر بنانے اور مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے لوگوں کی کچھ آراء؛
5. آئندہ اجلاس کی تاریخ اور وقت۔



## 4.6 پہلی ملاقات کے بعد

شرکت اور انتظام کے حوالے سے ایک بہترین پہلا اجلاس آپ کو وہ تمام عزم و حوصلہ دینے میں مدد کرے گا جو ایک SSO شروع کرتے وقت آپ کو درکار ہو گا۔ بہر حال، شاید یہ بھی مدد گار ہو کہ:

- جنہوں نے پہلی ملاقات کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کام شروع کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی ان افراد سے رابطہ کریں، یہ یقینی بنانے کے لیے کہ وہ ابھی تک کام کرنے کے لیے راضی ہیں ان کا ایک واضح خیال ہے کہ وہ اس کام کو کیسے کریں گے۔ شاید آپ کو کچھ ایسے لوگ بھی ملیں جن کے پاس وہ کام کرنے کا وقت نہ ہو جس کے لیے انہوں نے خود کو رضاکانہ طور پر پیش کیا تھا، جتنا جلدی آپ نے یہ جانا، اتنا ہی جلدی آپ کو کوئی بھی مل سکتا ہے۔
- اگر اجلاس میں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جن سے معاملہ کرنا 'مشکل' ہے، شاید آپ ان سے بھی رابطہ کرنا چاہیں۔ شاید کئی مختلف اسباب کی وجہ سے مشکل ہو، بطور مثال اپنے احساسات کی مضبوطی کی وجہ سے، ان کا اپنا ذاتی تجربہ یا اس وجہ سے کہ بحث کے کچھ اہم نکات سے وہ متفق نہیں تھے۔ اکثر، ایسے لوگوں کے پاس مقصد کو دینے کے لیے بہت جذبہ ہوتا ہے، اور ان کو اب شامل کرنے کی کوشش آئندہ بڑے فائدوں پر منتج ہو گی۔



## 5.6 آپ کے پہلے منصوبے کے مندرجات

آپ کو ریکارڈ رکھنا چاہیے کہ آپ کے کیا منصوبے ہیں۔ اس کے لیے ضروری نہیں کہ کوئی طویل دستاویز ہو اور یہ زیادہ لوگوں کو مشغول کرنے میں مددگار ہو گا، کچھ ڈھانچہ تیار کریں کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں، بنیادی مسائل کی نشاندہی کریں اور یہ آپ کو ترقی ناپنے کے لیے کچھ فراہم کرے گا۔

**آپ کے پہلے منصوبے میں، شاید آپ مندرجہ ذیل پر غور کرنا پسند کریں:**

- **آپ بطور ایک SSO کیا کرنا چاہتے ہیں؟ آپ کو ایک SSO قائم کرنے کے لیے اپنی وجوہات پر غور کرنے کی ضرورت ہو گی۔ کیا یہ ہے:**
  - کیوں کہ فالج کے حملوں میں اضافہ ہو رہا ہے اور فالج کے حملے کے بعد بہت زیادہ لوگ معذور ہو رہے ہیں؟
  - کیوں کہ فالج کے بارے میں آگاہی کا فقدان ہے اور فالج کے اثرات پر کام کرنے والی تنظیم کا فقدان ہے؟
  - فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور ان کے خاندانوں کو تا دم حیات معاونت فراہم کرنے کے لیے؟
  - بحالی کا ایک مستقل راستہ تیار کرنے کے لیے؟
  - فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور ان کے خاندانوں کو اسپیچ تھراپی کے لیے معاونت جو فتور نطق کا شکار ہوں؟
  - موجودہ تکلم، پیشہ ورانہ اور نفسیاتی علاج کے علاوہ ان کی معانت کرنے کے لیے؟
  - فالج کی روک تھام کے لیے، اور مہم جوئی، تعلیم اور تحقیق کے ذریعے اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے؟
  - تحقیق کو مالی معاونت فراہم کرنے کے لیے؟
  - زندہ بچنے والے مختلف گروہوں کی معاونت کے لیے، جیسا کہ فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والے نوجوان؟
  - فالج کی روک تھام کے لیے، مثال کے طور پر صحت مند طرز زندگی کے فروغ کے ذریعے؟
  - فالج کے متعلق آگاہی پھیلانے اور لوگوں کو اس کے متعلق بات کرانے کے لیے؟
  - فالج کے مریضوں میں اپنی مدد آپ اور باہمی مدد کے فروغ کے لیے؟
  - عوام کی تعلیم اور آگاہی کے فروغ کے لیے؟

- **آپ کون سی خدمات مہیا کرنا چاہتے ہیں؟ مندرجہ ذیل فہرست کچھ آراء فراہم کرتی ہے اور آپ کو ہر ایک کے فوائد و نقصانات کا فیصلہ کرنے میں مدد دے گی:**

1. **کیا آپ فالج معاونت کے گروہ چلائیں گے؟**
آپ کو اس بات پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ آپ اپنے فالج معاونت گروہوں کا ڈھانچہ کیسے تیار کریں گے فالج معاونت کے گروہ لوگوں کو مواصلات کے حوالے سے مدد فراہم کرنے، یا صرف فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور نگہداشت کرنے والوں کو دوسرے سے ملاقات کا موقع فراہم کرنے، تجربات بانٹنے اور نئے دوست بنانے پر توجہ مرکوز کر سکتے ہیں۔ آپ کے لیے ضروری ہے کہ اپنے گروہوں کو محفوظ اور قانونی بنانے پر غور کریں، بطور مثال درست تکفل کے حصول کے ذریعے۔

2. **کیا آپ فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کو دیگر خدمات بھی پیش کریں گے؟**آپ جرائد اور معلوماتی کتابچے پیش کر سکتے ہیں، ٹیلی فون کا تعاون، غم گساری، ہسپتالوں کا دورہ، یا اس وقت کا دورہ جب لوگ ہسپتال چھوڑتے ہیں، گھر مہیا کرنا، مالی امداد، ورزش کی کلاسیں، فورمز اور آن لائن سمینارز کے ذریعے آن لائن معاونت۔

## .3 کیا آپ فالج سے متعلق معلومات کو فروغ دینا چاہتے ہیں؟

آپ کیسے فیصلہ کریں گے کہ کون سی معلومات کی ضرورت ہے - کیا موجود SSOs آپ کی مدد کر سکتی ہیں؟ آپ معلومات کیسے جاری کریں گے؟ ان مختلف شکلوں کے بارے میں سوچیں جو آپ کی معلومات اختیار کر سکتی ہیں اور ہر شکل کے فوائد اور مسائل کے متعلق بھی:

- **رسالہ –** تازہ ترین معلومات سے بھرپور، لیکن تیاری بہت مہنگی
- **معلوماتی کتابچے، فلیئرز، کتابچے** – بہت سے لوگوں تک پہنچ سکتے ہیں، مگر آپ انہیں کیسے تقسیم کریں گے؟ وہ تازہ ترین معلومات کے ساتھ فوری تازہ کاری کے متقاضی ہوں گے۔ کیا آپ کے پاس یہ کرنے کے لیے پیسے ہوں گے؟
- **ویب سائٹ** – س کو بنانے میں بہت پیسا درکار ہو گا، مگر ایک بار یہ اپنی جگہ پر آ گئی تو پھر اس کی تازہ کاری آسان ہے۔ کیا آپ کی ویب سائٹ پر فالج کے حوالے سے معلومات کے مختلف حصے ہوں گے؟
- **ٹیلی فون** – ٹیلی فون معلوماتی سروس فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور خاندانوں کے لیے بہت مفید ہو گی، اگرچہ اس کے لیے بہت زیادہ پیسہ اور وسائل درکار ہوں گے کیوں کہ اس کے لیے تربیت یافتہ عملے اور رضاکاروں کی ضرورت ہو گی اور معلومات کی فوری تازہ کاری بھی درکار ہو گی۔
- **خبر نامچہ** – سامعین کی ایک بڑی تعداد تک پہنچ سکتا ہے اور اس کی تیاری بھی آسان ہے، لیکن اس میں ہمیشہ تفصیلی معلومات کے لیے جگہ نہیں ہوتی۔
- **ٹیلی ویژن اور ریڈیو** – ٹیلی ویژن یا ریڈیو پر اشتہار یا مہم سامعین کی ایک بڑی تعداد تک رسائی دیتی ہے لیکن یہ بہت مہنگی ہو سکتی ہے - آپ اس کی ادائیگی کیسے کریں گے؟
- **مواقع / کانفرنسیں یا عوامی لیکچر** – یہ چھوٹے اور سستے یا بڑے اور مہنگے ہو سکتے ہیں - آپ ان کے لیے اسپیکر اور وفود کہاں تلاش کریں گے؟ کیا اس قیمت کو پورا کرنے کے لیے کافی لوگ شرکت کریں گے اور آپ اس موقع کی تشہیر کیسے کریں گے؟ چھوٹے مواقع شراکت کے ساتھ یا کم قیمت میں ترتیب دیے جا سکتے ہیں۔ تعلیمی تنظیموں کے ساتھ آپ کیسا ربط بنانا چاہیں گے؟
- **سماجی رابطے کی ویب سائٹس** – یہ مفت اور استعمال میں آسان ہیں، لیکن وہ عموما ایک وقت میں معلومات کی تھوڑی مقدار ہی پہنچا سکتی ہیں اور ان کو مؤثر رہنے کے لیے تواتر سے تازہ کاری کی ضرورت ہوتی ہے – اور اس کے لیے کافی وقت صرف درکار ہو سکتا ہے۔

**معلومات مہیا کرنا**

- انٹرنیٹ سے قبل، فالج سے متعلق معلومات تلاش کرنا مشکل تھا - اب آپ کو بہت زیادہ معلومات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، اور اکثر خدمات کے صارفین کے لیے بڑا مسئلہ معلومات کے قابل اعتبار ہونے اور معیار کے بارے میں جاننا ہے۔ ہم آپ کو دکھاتے ہیں کہ معلومات کی مقدار اور معیار کو کیسے یقینی بنایا جائے، کہ وہ درست، کار آمد اور متعلقہ ہو۔

**مشاورت**

- اپنے ممکنہ صارف سے ان کی مطلوبہ معلومات اور وضع شکل اور طرز کے بارے میں مشورہ کر لیں۔ معلومات کو شخصی بنانا اور سمجھنے اور عمل کرنے میں تعاون فراہم کرنا ہمیشہ یہ سوچنے سے بہتر ہے کہ ایک ہی طرح کی معلومات سب کے لیے مفید ہے۔
- جہاں ممکن ہو، مقامی ماہرین سے مدد لیں، جیسا کہ ماہرین نرس۔ شاید وہ بطور مشیر خاص کام کرنے کے خواہش مند ہوں۔
- دیگر متعلقہ مقامی تنظیموں سے مشاورت کریں شاید ان کی پہلے سے ہی کوئی خدمت ہو یا فالج کے متعلق معلومات میں کوئی دلچسپی ہو۔
- یہ مت بھولیں کہ فالج کے حملے میں بچ جانے والوں میں سے بہت سے لوگوں کو یاداشت، پہچان اور تکلم کے حوالے سے مشکلات ہوتی ہیں، اس لیے معلومات کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا شاید مفید ہو۔

**کیا شامل کریں**

- پوری کہانی سنائیں - ایماندارانہ اور متوازن معلومات تخلیق کریں۔
- بے یقینی کے ساتھ نبرد آزما ہوں - جہاں طبی رائے مختلف ہو یا جہاں ثبوت غیر یقینی ہو، یہ کہہ دیں اور جو ثبوت آپ استعمال کریں اس کے بارے میں بالکل واضح ہوں۔
- آپ نے جو ثبوت استعمال کیا ہے اس کے حوالہ جات اور روابط فراہم کریں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ممکنہ حد تک تازہ ترین ذرائع استعمال کر رہے ہیں۔
- جب آپ علاج کی صورتوں کے متعلق بات کر رہے ہوں تو بیان کریں کہ علاج کیسے کام کرتا ہے، اس کے فوائد اور خطرات اور یہ کہ بغیر علاج کے کیا ہو گا۔
- متن ایسا لکھیں جو "ایمانداری سے پر امید"، واضح اور جامع ہو۔
- مزید معلومات اور تعاون کے ذرائع شامل کریں۔
- معلومات پر تاریخ ڈالیں، اور نشاندہی کریں کہ اس پر نظر ثانی کا منصوبہ کب تک ہے۔

**دیگر غور طلب چیزیں**

- یقینی بنائیں کہ معلومات کی خدمت مریض اور صحت کے پیشہ ور کے تعلق میں معاونت کرتی ہے۔
- معلومات کو قابل رسائی شکلوں میں تیار کریں۔ تنظیم برائے فالج برطانیہ کی ایک اشاعت ہے جسے قابل رسائی رہنماء برائے معلومات کہتے ہیں – **www.stroke.org.uk/resourcesheet/accessible-information-guidelines.**
- اپنے کردار کی حدود واضح کرنے کے لیے اعلان دست برداری شامل کر دیں اور صارفین کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ طبی مشورہ لیں۔

### 4. کیا آپ تحقیق کی مالی معاونت کریں گے؟

یہ عموما نئی کے بجائے ایک بڑھتی ہوئی SSO پر زیادہ لاگو ہوتا ہے لیکن تلاش کریں کہ اپنے ملک میں آپ کو تحقیق کے لیے مالی امداد کہاں سے مل سکتی ہے۔ اگر آپ کو فنڈ نہیں مل سکے، آپ اپنے عملے، رضاکاروں اور خدمات کے صارفین کو ابھاریں کہ وہ تحقیق میں سرگرم حصہ لیں اور آپ اپنے ملک میں جاری تحقیق کو فروغ دے سکتے ہیں۔ آپ تحقیقی اداروں کو بھی توجہ دلا سکتے ہیں کہ وہ فالج سے متعلق سوالات اپنی تحقیق میں شامل کریں۔

### 5. کیا آپ تربیت دیں گے؟

غور کریں کہ کون فالج سے متعلق تربیت حاصل کرنا چاہے گا اور کس کی ضرورت ہے - وہ آپ کا عملہ / رضاکار، یا دوسری تنظمیں جیسا کہ NGO اور حفاظت صحت فراہم کنندگان، یا افراد جیسا کہ عام عوام، فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والے اور نگہداشت کرنے والے، فالج کے پیشہ ور اور طالب علم ہو سکتے ہیں۔ جو لوگ تربیت دیں گے وہ رجسٹرڈ پیشہ ور ہونے چاہیئں، اس لیے اس کے متعلق سوچیں کہ اپنے ملک میں آپ انہیں کہاں تلاش کر سکتے ہیں۔

### 6. کیا آپ پالیسی پر اثر انداز کرنے کی کوشش کریں گے؟

اگر آپ کریں گے، آپ کو فالج سے متعلق مباحثوں تک رسائی حاصل کرنا ہو گی اور مقامی یا قومی حکومت سے تعلقات قائم کرنے کے لیے وقت صرف کرنا ہو گا۔

- **ان وسائل کے متعلق سوچیں جو آپ کے خیال میں اس کام کے لیے ضروری ہیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں۔ وسائل میں مالیات، لوگ اور ان کا وقت، مواد (مثال کے طور رہ پر جو تشہیر میں مدد دے)، جگہ، کمپیوٹر اور ساز و سامان شامل ہے۔**

- **جو آپ کرنا چاہتے ہیں اس میں ترجیح کا تعین کیسے کریں گے، خاص طور پر جب آپ جانتے ہیں کہ جو آپ کرنا چاہتے ہیں اس سب کے آپ متحمل نہیں ہو سکتے۔ اپنی ترجیحات کو ترتیب دینے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ جو کچھ آپ کرنا چاہتے ہیں ان میں سے ہر چیز کا ایک اسکور** (1 = نچلا، 10 = سب سے اعلیٰ مقرر کر دیں) **اس بنیاد پر:**
  - جن لوگوں کی آپ مدد کرنا چاہتے ہیں ان پر اس کے اثرات کی جو مقدار ہونی چاہیئے؛
  - اس کے لیے کتنے وسائل درکار ہو سکتے ہیں؛
  - کتنا جلد آپ اسے کر سکتے ہیں؛
  - اس کو کرنے میں خطرات کس قدر کم ہیں؛
  - اس کے نتائج کب تک رہنے کی توقع ہے؟



## 6.6 'آغاز' کا انجام

مرحلہ 'آغاز' کے اختتام پر، آپ کے پاس اپنی SSO تشکیل دینے کا منصوبہ تحریری شکل میں ہونا چاہیے۔ یہ ایک پرجوش لمحہ ہوگا کیوں کہ آپ نے اپنے عزم اور شوق کو ایک منصوبے میں منتقل کر لیا ہے جو اس کے قیام میں مدد دے گا جو آپ فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کی اور ان کے خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے اور فالج کی تعداد کو کم کرنے کے لیے کرنے جا رہے ہیں۔

**کیس اسٹڈی:**
**ظاہر کریں کہ فالج ہر عمر میں اثر کرتا ہے – برطانیہ**

**برطانیہ** نے بچوں میں فالج کے حوالے سے بات چیت کی ضرورت کو محسوس کیا اور ایک معلوماتی کتابچہ پیش کیا جو بچوں میں فالج کی وجوہات، علاج، خاندان پر اس کے اثرات کے بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے اور لوگوں کو ان تنظیموں کی جانب متوجہ کرنے میں مدد کرتا ہے جو معاونت فراہم کرتی ہیں۔



# 7 SSO کی نشو نما

سیکشن 6 نے دکھایا کہ SSO کیسے شروع کرتے ہیں۔ یہ سیکشن اس متعلق ہے کہ اس کی نشوو نما اور ترقی کیسے ہو۔ سیکشن 7 کا کچھ مواد شاید SSO کے آغاز کے متعلق بھی ہو۔

## 1.7 ہم اب کہاں ہیں؟

کسی تنظیم کی بڑھوتری اور ترقی کی منصوبہ بندی کا تقاضا ہے کہ ایک مکمل اور ایماندارانہ تجزیہ کیا جائے کہ تنظیم اس وقت کہاں ہے۔ اس کے بغیر، شاید آپ ایک غلط 'سفر' کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ بطور مثال، آپ شاید اس بات کا غلط اندازہ لگا لیں کہ حکومتی تعاون کا فقدان کتنی بڑی رکاوٹ ہو سکتا ہے۔

ایسے بہت سے آلات ہیں جو یہ تجزیہ کرنے کے لیے کہ آپ اس وقت کہاں ہیں ایک فریم ورک فراہم کرتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

| آلہ | تفصیلات |
|---|---|
| **اسٹیک ہولڈر تجزیہ** | ایسے افراد، گروہوں اور تنظمیوں کی نشاندہی کرتا ہے جن سے مؤثر تعلق قائم کرنے کی آپ کو ضرورت ہے۔ |
| **SWOT تجزیہ** | طاقت، کمزوریوں، مواقع اور خطرات کا ایک تجزیہ۔ |
| **PESTLE تجزیہ** | سیاسی، معاشی، سماجی، تکنیکی، قانونی اور ماحولیاتی عوامل جو آپ پر اثر انداز ہو سکتے ہیں ان کے اعتبار سے بیرونی ماحول کا ایک تجزیہ۔ |
| **خدمت اور مصنوعات کا تجزیہ (McKinsey سے اخذ کیا گیا/ GE matrix)** | خدمات اور مصنوعات کا تجزیہ کرنا یہ فیصلہ لینے کے لیے کہ کہاں کم یا زیادہ وقت یا پیسے کی سرمایہ کاری کی جائے۔ |
| **خطرے کا تجزیہ** | نشان زد خطرات کی فہرست، ترتیب، اسکور اور ترجیحات متعین کرنے میں مدد کرتا ہے۔ |

مکمل تفصیلات ضمیمہ 2 میں فراہم کی گئی ہیں۔

یہ تمام آلات شاید ایک ترقی پذیر تنظیم کی دلچسپی کے ہوں، یہ اہم ہے کہ ایک SSO اپنی صورتحال کے مطابق درست آلات منتخب کرے، اگر ضروری ہو تو ان عمومی آلات کو زیادہ متعلقہ بنانے کے لیے ان ہی کو اپنا لیتی ہے۔

بیرونی ماحول پر نظر رکھنے کے حصے کے طور پر، ایک SSO کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے ملک میں صحت عامہ کی صورتحال پر غور کرے، بشمول صحت کی دیکھ بھال کا نظام:

- **حکومت کی جانب سے فراہم کردہ مفت نظام** – آپ کو ضرورت ہو گی کہ آپ صحت کی دیکھ بھال کے بجائے جذباتی حمایت، فنڈ اور گھر کی تبدیلی کے متعلق رہنمائی اور فوائد کی پیشکش کریں۔

- **بنیادی طور پر ایک مفت نظام افراد / آجروں کی جانب سے کچھ شراکت کے ساتھ** – شاید آپ کو یہ تجویز دینے کی ضرورت ہو کہ مشکل میں پھنسے ہوئے لوگ انفرادی/ آجر کی قیمتوں کو کس طرح پورا کریں، اسی طرح فالج کے حوالے سے حفظان صحت کی کتنی قیمت نظام کی طرف سے پوری ہو رہی ہے، اور ان خلاؤں کا تجزیہ جن کے بارے میں بچ جانے والوں کو آگاہی دینے کی ضرورت ہے، یا شاید آپ کو لابی مہیا کرنی پڑے، بطور مثال زبانی یا پیشہ ورانہ علاج۔

- **قیمیں بڑی حد تک انفرادی یا ادارتی انشورنس کی شراکت سے پوری کی جاتی ہیں اور جو انشورنس کے بغیر ہوں وہ اپنے تحفظ صحت سے ادا کرتے ہیں، آپ کو یہ مشورہ دینے کی ضرورت ہے کہ قابل برداشت علاج کہاں مل سکتا ہے** – کیا آپ کو علاج فراہم کرنے کی ضرورت پر غور کی ضرورت ہے؟ کیا آپ کو یہ کرنے کے لیے امدادی منصوبے کی ضرورت ہے؟

- **قیمیں مکمل طور پرانفرادی یا ادارتی انشورنس کی شراکت سے پوری کی جاتی ہیں اور جو انشورنس کے بغیر ہوں وہ اپنے تحفظ صحت سے ادا کرتے ہیں** – دوبارہ، کیا آپ کو علاج مہیا کرنے کی ضرورت ہو گی یا آپ لوگوں کو قابل برداشت خدمات کی جانب رہنمائی کرنے کے قابل ہوں گے؟

- **قیمیں مکمل طور پرانفرادی یا ادارتی انشورنس کی شراکت سے پوری کی جاتی ہیں اور جو انشورنس کے بغیر ہوں وہ اپنے تحفظ صحت سے ادا کرتے ہیں، سوائے ان کے جن کی آمدنی بہت کم یا بالکل نہیں ہے (حکومت کی جانب سے ادا کردہ)** –پ کو دونوں کے لیے تعاون کے مختلف طریقے طے کرنا ہوں گے ان کے لیے جن کے پاس انشورنس ہے اور ان کے لیے جن کے لیے حکومتی امداد ہے۔



آپ کو یہ تحقیق کرنے کی ضرورت بھی ہو گی کہ آیا آپ کے ملک میں بیماری کے میدان سے وابستہ دیگر متعلقہ NGOs بھی ہیں۔ اگر آپ کے ملک میں بیماری سے متعلقہ NGOs کو بڑے پیمانے پر حمایت حاصل نہیں ہے، تو اور کہاں سے آپ امداد حاصل کرنے کے قابل ہو سکیں گے؟ اگر آپ کے ملک میں صحت سے متعلقہ NGOs کو عوام عموما کچھ نہیں دیتی، کیا یہ اس وجہ سے ہے کہ صحت کی سہولیات حکومت کی جانب سے پہلے سے ہی فراہم کردہ ہیں، ایک حفظان صحت کا نظام یا نجی شعبہ ؟ کیا کوئی موجودہ NGOs ہیں جو فالج سے متعلق کسی میدان میں کام کر رہی ہیں؟ اگر نہیں، یہ آپ کے لیے امداد حاصل کرنے کو مزید آسان بنا دے گا۔ اگر ہاں، تو کیا آپ ان کے ساتھ مل کر کچھ شعبوں میں کام کرنے کے لیے تعلقات قائم کر سکتے ہیں اور وسائل/ امداد بچا سکتے ہیں؟

اگر آپ کے ملک میں NGO ماڈل مفید ہے، تو آپ کو مالی امداد کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے، بشمول:

- **حصہ داری کے ذریعے اجتماعی معاونت**، کفالت، ذاتی تعلق یا معاہدہ - تحقیق کریں کہ کون سی ایسی کمپنیاں ہیں جنہیں فالج میں دلچسپی ہے یا وہ جو فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کے لیے مصنوعات تیار کرتی ہیں۔ کیا آپ کے ملک میں عام طور پر کمپنیاں عطیات دیتی ہیں یا NGO کے ساتھ شراکت کرتی ہیں؟


- **عطیات، اوقاف، جامعات اور یورپین یونین** فنڈنگ سے بذریعہ درخواست عطیات لینا - ان عطیات دینے والوں سے روابط قائم کریں، ممکنہ تعاون اور امداد کے مواقع تلاش کریں، باہمی رابطے کے پروگرامات میں شرکت کری۔

- **قومی ڈھانچہ برائے فنڈ/ حکومت فنڈنگ**، کسی وقف یا عطیات دینے والے ادارے سے فنڈنگ (غیر حکومتی) - مقامی اور قومی حکومتی شعبہ جات سے تعلقات قائم کرنا شروع کر دیں،

- **ذاتی روابط** - دولت مند افراد، اثر و رسوخ رکھنے والوں اور حکومتی افسران سے تعلقات قائم کرنا۔

- **ذاتی عطیات/ تحائف** بشمول کمیونٹی ایونٹس، میراث/ وصیت، نظام ٹیکس کے ذریعے ذاتی عطیات۔

- **خدمات کا معاوضہ** – رکنت کے لیے معاوضہ لینے پر غور کریں، یا ایسی خدمت مہیا کرنے کے بارے میں جس کے لیے آپ کو مقامی یا قومی حکومت یا نظام صحت کی طرف سے ادائیگی ہو۔



## 2.7 آپ کہاں پہنچنا چاہتے ہیں؟

بہت سی تنظیمیں اس کو بیان کرنے کے لیے 'مشن' اور 'وژن' کی اصطلاح استعمال کرتی ہیں۔

**ایک اچھے وژن کی خصوصیات میں شامل ہیں:**

- جو مستقبل آپ چاہتے ہیں اس کی وضاحت کرتا ہے
- مثالی ہے
- افق کو وسعت دینے والے' خیالات کی عکاسی کرتا ہے
- دوسروں کو متاثر کرتا ہے
- آسان فہم ہے
- لوگوں کو بتاتا ہے کہ آپ بہترین معیار دینا چاہتے ہیں۔

**ایک اچھے مشن کی خصوصیات میں شامل ہیں:**

- واضح اور آسان فہم
- مختصر اور مرکوز
- حقیقت پسندانہ اور قابل حصول
- بتاتا ہے کہ آپ کن نتائج کی توقع رکھتے ہیں
- لوگوں کو آپ کے آئندہ چند سالوں کے مقاصد بتاتا ہے۔

## 3.7 وہاں کیسے پہنچیں؟

جہاں آپ ابھی ہیں یہاں سے وہاں جانے میں جہاں آپ چاہتے ہیں دو کلیدی عناصر شامل ہیں - ترجیحات کا تعین اور نفاذ۔ ترجیحات کیسے متعین کریں اس کا احاطہ سیکشن 4.7 میں کر لیا گیا ہے۔ اور نفاذ کیسے کریں اس کا سیکشن 5.7 میں۔

## 4.7 ترجیحات کیسے مقرر کریں؟

سیکشن 6.5.6 'SSO شروع کرنے سے متعلق' سیکشن ترجیحات متعین کرنے کا آسان طریقہ فراہم کرتا ہے۔ مخصوص خدمات کے مواقع تلاش کرنے کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کو کرنے کے فوائد و نقصانات پر غور کریں:

- **تجربہ** – خدمت فراہم کرنے کا ایک نیا طریقہ آزمائیں
- **برقرار رکھیں** – خدمت جیسی اب ہے اسے ویسا ہی رکھیں
- **معیار میں بہتری لائیں** – خدمت کو بہتر بنائیں
- **مقدار بڑھائیں** – زیادہ لوگوں کو خدمت فراہم کریں
- **ملائیں** – ایک یا زیادہ خدمات ایک ساتھ دیں
- **اخراجات کم کریں** – کیا خدمات کو چلانے کی قیمت کم کر کے اسی معیار کی خدمات مہیا کی جا سکتی ہیں؟
- **کم کر دیں** - خدمات مختصر یا بند کر دیں
- **وسعت دیں** – زیادہ لوگوں کو یا زیادہ جگہوں پر فراہم کریں۔



## 5.7 منصوبے کو عمل میں کیسے ڈھالا جائے؟

ہنری فورڈ کا ایک قول اہم ہے – ***"کچھ بھی مشکل نہیں اگر آپ اسے چھوٹے چھوٹے کاموں میں تقسیم کر لیں"***۔ ایک کامیاب نفاذ کے لیے منصوبے کے بہترین انتظام، انتظام کی تبدیلی اور انتظام کی کارکردگی کے مجموعے کی ضرورت ہے۔ انتظام کی ان تمام تکنیکوں کے لیے چار مرکزی اصول ہیں:

**اصول 1 - ترقی کی پیمائش کریں**

مزید تفصیلات سیکشن 5.6 اور 7 میں شامل ہیں مگر یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی SSO کے مقاصد، اہداف اور نتائج کا خاکہ موجود ہے جن کے برعکس آپ ترقی کی پیمائش کریں گے۔

**اصول 2 - حقیقت پسند رہیں**

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے مقاصد، اہداف اور نتائج کا منصوبہ اس وقت کی بنیاد پر ہے جو ان لوگوں کی طرف سے مطلوب ہے جن کی نشاندہی کام مکمل کرنے کے لیے کی گئی ہے۔ بطور خاص، ایک رضاکارانہ تنظیم میں، اس بارے میں حقیقت پسند ہونا زیادہ آسان ہے کہ کسی نے کتنا وقت لیا ہے اور ایک کام کو مکمل ہونے میں کتنا وقت لگ سکتا ہے۔

**اصول 3 - پیش رفت پر رپورٹ کریں**

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ہر چھ ماہ بعد اپنے مقاصد، اہداف اور نتائج کے مقابلے میں اپنی کارکردگی کی رپورٹ لے سکیں۔ آپ کے لیے معیار پیمائش ضروری ہے، جیسا کہ اہم کارکردگی ظاہر کرنے والا، جس کے مقابل آپ پیمائش کر سکیں۔

**اصول 4 - تبدیلی کے لیے تیار رہیں**

اہم چیزوں کو بہتر انداز میں کرنے پر توجہ مرکوز کریں اور چیزوں کو تبدیل کرنے سے خائف نہ ہوں۔



## 6.7 اہم مسائل سے نمٹنا

SSO سے تحقیق جمع کرنے کے کورس کے دوران، ہم نے یہ جانا کہ ایک SSO شروع کرنے یا اس کو پروان چڑھانے میں سب سے بڑی رکاوٹ مالی معاونت ہے۔ سیکشن 1.6.7 اس کے متعلق ہے اور سیکشن 2.6.7 سے 5.6.7 ان دیگر عوامل کے متعلق ہیں جو SSOs کے لیے اہم ہیں۔

### 1.6.7 فنڈنگ

#### تنظیم قائم کرنے کے لیے آپ پیسہ کہاں سے لیں گے؟

- **لوگ**– جن کی آپ کے کام میں دلچسپی ہے - ان لوگوں سے آغاز کریں جن کو آپ یا آپ کے رضاکار، شراکت دار اور روابط جانتے ہوں۔
- چندہ جمع کرنے والے روابط کو تنظیم کے ساتھ باضابطہ منسلک کرنے کے لیے ایک "...کے دوست" تشکیل دیں۔
- **اوقاف اور ادارے** – کچھ تنظیمیں خیراتی اداروں اور NGOs کو فنڈ فراہم کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں، کیا آپ کے ملک میں بھی ہیں؟
- **سماجی تنظیمیں، کلب اور سوسائیٹیز** – fمثلاً کھیلوں کے کلب، یا سماجی کلب جیسا کہ روٹری کلب ہے۔
- **کمپنیاں** – کمپنیوں کے لیے یہ اہم ہوتا ہے کہ وہ ان معاشروں کی مدد کرتے نظر آئیں جن میں وہ کام کر رہے ہیں۔ ایسی کمپنی جسے آپ کے کام میں دلچسپی ہو شاید آپ کو ابتدائی فنڈ فراہم کر دے۔
- **قومی اور مقامی حکومت** مالی مدد کی پیش کش کر سکتی ہے۔
- **بانی اراکین** – پیشہ وران یا رضاکار – شاید کچھ عطیہ دے سکیں۔
- **چندہ جمع کرنے کے مہمات**، کتبوں، اشتہارات، خطوط ، ٹی وی اور ریڈیو یا ویب سائٹ کے ذریعے سے عطیات کے لیے تشہیر کرنا۔
- **بینک سے قرضہ** لینا بھی ایک اختیار ہے، لیکن آپ پہلے یہ یقین کر لیں کہ آپ کی آمدن کہاں سے آئی گی جس سے آپ یہ قرضہ ادا کریں گے۔
- اسی طرح یہ سوچنا کہ آپ کو کون عطیات یا چندہ دے گا، ان خدمات کے بارے میں سوچیں جن کا آپ تبادلہ کر سکتے ہیں، یا **رکنیت کی فیس**۔ کیا فالج کے پیشہ وروں کے لیے پروگرام چلانا آپ کے لیے آمدن لا سکتا ہے؟ کیا مشکل اوقات میں مدد کے لیے آپ کے پاس اثاثے یا محفوظات ہیں؟
- نیز، یہ بھی جانیں کہ آپ فنڈنگ کہاں تلاش کر سکتے ہیں - فنڈنگ تلاش کریں جیسا کہ یورپی یونین کے پروگرامات **/http://ec.europa.eu/research/fp7**، یا مختلف ممالک اور سیاق میں چندہ جمع کرنے کے متعلق رہنمائی (جیسا کہ **www.philantropia.org**)۔

**آپ کو چندے اور چندہ جمع کرنے سے متعلق مندرجہ ذیل سوالات خود سے پوچھنے چاہیئیں:**

1. آئندہ ایک، تین اور پانچ سالوں کے لیے فنڈ جمع کرنے کے لیے ہمارے کیا منصوبے ہیں؟
2. ان منصوبوں کو مکمل کرنے کے لیے ہمیں کون سے مالی وسائل درکار ہیں؟ ان وسائل کے حصول کے لیے ہم چندہ جمع کرنے کے کن علاقوں پر انحصار کر رہے ہیں؟
3. ہماری فنڈنگ کا مجموعی ڈھانچہ کیا ہے اور فنڈ ریزنگ کہاں مناسب رہے گی؟
4. ہم آمدنی کی کون سی اقسام وصول کرتے ہیں؟
5. کیا ہم آمدنی کی ایک ہی قسم پر انحصار کیے ہوئے ہیں یا ہم بہت سے ذرائع سے فنڈ جمع کرتے ہیں؟
6. وہ کون سے مخیر حضرات ہیں جن پر ہم زیادہ انحصار کرتے ہیں اور ان کو کب تک برقرار رکھنے کی توقع ہے؟
7. ہماری تنظیم میں عطیات دینے والوں کے ساتھ رابطے برقرار رکھنے کی ذمہ داری کس کی ہے؟
8. جو آمدنی ہمیں موصول ہو رہی ہے اس میں کتنی پابند ہے اور کتنی غیر پابند ( اس کا مطلب ہے کہ فنڈ دینے والے پابندیاں یا حدود لگا دیتے ہیں کہ یہ رقم کس مد میں خرچ ہو گی) ؟
9. کیا حکمت عملی ترتیب دیتے وقت ہمارے پاس کوئی ہنگامی منصوبہ ہوتا ہے؟
10. فنڈ ریزنگ کی مختلف سرگرمیوں میں ہمارے آئندہ تین اور پانچ سال کے آمدن اور اخراجات کا کیا اظہار ہوتا ہے؟ ان کی بنیاد کیا ہے؟
11. آغاز میں آپ کو سوچنا ہو گا کہ آپ کے کام میں کون دلچسپی رکھتا ہے اور مالی حصہ ملائے گا۔ روابط اور ان کی شراکت کا ایک ڈیٹا بیس بنائیں - اس میں نام، پتہ جات، ٹیلی فون نمبرز، اور ای میل ایڈریس اور لوگوں کے متعلق معلومات بھی شامل کریں۔

**اپنی مالی حالت کو بہتر بنانے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آپ 'پرعزم دینے والوں' کی ایک تعداد محفوظ کر لیں۔**

**پر عزم عطیات کو کیسے فروغ دیا جائے؟**

بہت سی NGO افراد کی جانب سے مستقل پر عزم ادائیگیوں سے اپنی آمدن بڑھا سکتی ہیں۔ لوگ باقاعدگی سے ایک چھوٹی رقم دینے کو ،جس کا وہ بمشکل نوٹس لیتے ہوں، آسان، مناسب اور قابل برداشت سمجھتے ہیں۔ SSO کے لیے یہ ایک سالانہ آمدن کی پیش گوئی فراہم کرتی ہے اور آپ کے ڈونرز کی تعداد میں اضافہ کرتی ہے۔

اگر آپ کی SSO پرعزم ادائیگیوں کی کوشش کرنا چاہتی ہے، تو یاد رکھنے کی بنیادی چیزیں یہ ہیں:

1. ڈونر سے براہ راست خرچ سے دینے کے لیے رضامندی کا کہنا ایک بڑا وعدہ ہے، اس لیے انہیں چھوٹی رقم تجویز کریں، مثلاً £3 یا £5 ماہانہ۔
2. اپنے معاونین کو مستقل بنیادوں پر دینے لیے ایک خاص سبب فراہم کریں - مختلف رقوم پیش کریں جن میں سے وہ منتخب کر سکیں اور یہ دکھائیں کہ ہر رقم کس چیز کی ادائیگی کے لیے ہو گی۔
3. طے کریں کہ آپ پرعزم دینے والوں کے ساتھ کیسے رابطہ رکھیں گے۔ آپ کیسے کہیں گے کہ آپ کا شکریہ ؟ آپ ان کی تفصیلات کیسے جمع کریں گے - کیا آپ کے ملک میں مواد کے تحفظ کے لیے قوانین ہیں جن کی پابندی کی جائے؟ تعلقات قائم کرنے کے لیے انہیں مستقل تازہ کاریاں پہنچاتے رہیں، مگر انہیں تفصیلی معلومات نہ دیں۔
4. کسی اچھی ویب سائٹ میں سرمایہ کاری کریں تا کہ آپ کی آن لائن آمدن میں اضافہ ہو۔ یہ واضح کریں کہ ایک بار کے عطیہ کے مقابلے میں مستقل ادائیگی کیسے زیادہ طاقت ور ہے۔ کسی ادائیگی کیلئے سہولت فراہم کرنے والا طے کریں - بطور مثال یہ ہیں ,JustGiving Charity Checkout, Paypal and Virgin Money یقینی بنائیں کہ ان کے پاس مستقل ادائیگی کے اختیارات ہیں، جن پر آپ اپنی SSO برانڈ کا صفحہ بنا سکتے ہیں اور احتیاط سے فیس کی قیمت تلاش کریں، بمشول پیشگی فیس کے۔

# ناکافی مالیات پر کیس اسٹڈی

**اجتماعی کفالت - اسرائیل**

**اسرائیل** کیلئے, ہم موقع تھا جب تنظیم کو ایک فارماسوٹیکل کمپنی نے یورپ بھر میں پھیلی ہوئی ایک خدمت اور اپنی ہائپر ٹینشن کے خلاف بنائی ہوئی نئی دوائی کی مارکیٹنگ کے حصے کے طور پر"اپنایا" تھا۔ یہ ہونے سے قبل، تنظیم نے بہت سی مشکلات کا سامنا کیا تھا - رضاکاروں پر بہت زیادہ انحصار کر کے اور کوئی عملہ معاوضے پر نہیں تھا۔ یہ کفالت اسرائیل میں احتیاط اور علامات کے لیے مہمات چلانے کے لیے مالی امداد کے ذریعے تھی۔ وہ ایسی فنڈنگ تلاش کرنے میں کامیاب ہو گئےجو ان کو کفالت کے خاتمے کے بعد بھی ترقی جاری رکھنے کی اجازت دے گی۔ کمپنی نے ایک تنخواہ دار CEO کی خدمات حاصل کیں جس نے سپانسر کے تعلقات اور کافی رہنمائی سے آہستہ آہستہ تنظیم کے وسائل بنائے اور مہمات، لابی اور فنڈ اکٹھا کرنے کی مہارت بڑھائی۔ کچھ روابط نے بشمول ذرائع ابلاغ کے ماہرین اور لابی کرنے والوں انہیں 'Pro-bono' بنیاد پر اپنی خدمات کی پیشکش کو جاری رکھا۔ CEO نے دیگر فارماسوٹیکل کمپنیوں کے ساتھ بھی روابط قائم کر دیے جب کہ وہ ابھی تنظیم کی اخلاقیات برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا تھا۔ کفالت کو مہارتیں اور صلاحیتیں پیدا کرنے اور نئی سرگرمیاں فراہم کرنے، اسی طرح چندہ مہمات چلانے نے تنظیم کے لیے بہت کام کیا۔

**کارپوریٹ ضامنی – اٹلی**

**اٹلی** کا ایک فارماسوٹیکل کمپنی کے ساتھ تعلق ہے جو ایک مشین تیار کرتی ہے جو AF کی شناخت کرتی ہے۔ یہ مشین ایام آگاہی میں احتیاطی سرگرمیوں میں استعمال ہوتی ہے اور لوگوں کو فالج کی علامات اور فالج سے متعلق آگاہی کی معلومات پہنچانے میں مدد دیتی ہے۔ کفیل نے فروغ آگاہی اور ایام احتیاط میں شمولیت کے نتیجے میں ہر مشین بکنے پر کمپنی کو عطیہ دیا۔

**مقامی کارپوریٹ معاونت– ہنگری**

کئی SSO کی طرح، **ہنگری** کو بھی مقامی انفرادی اور ادارتی معاونت کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے، یہ بیرونی سیاسی ماحول سے متاثر ہے اور روابط قائم کرنے، اجتماعی تعلقات اور فنڈ ریزنگ کی درخواستیں تیار کرنے کی صلاحیت محدود ہے۔ ہنگری میں اجتماعی کفالت کے محدود اختیارات اور محدود خیراتی عطیات کی وجہ سے صحت کی صنعت کی معاونت مرکزی رہی ہے۔ فالج کا مسئلہ قابل فہم ہے اور مسئلے کی باہمی افہام و تفہیم کی بنیاد پر تعلقات قائم کیے جا سکتے ہیں۔ کثیر القومی کمپنیوں کے بجائے مقامی چھوٹی کمپنیوں پر توجہ کافی نتیجہ خیز ثابت ہوئی۔

## اشیاء اور خدمات کی فروخت - جاپان، ملائیشیا، سویڈن اور فن لینڈ

عوام سے عطیات کے متبادل کے طور پر، **ملائیشیا** میں جو اراکین بحالی پروگرام میں شمولیت اختیار کرتے ہیں ان سے مالی تعاون کے لیے کہا جاتا ہے۔ **سویڈن** ے بھی دیکھا کہ اس نے جاری اخراجات کے ایک بڑے حصے کا احاطہ کر لیا۔

**جاپان** نے پایا کہ اشیاء کی فروخت، مثلا کیلینڈر، نے ان کے معاونین اور عوام سے پیسا اکٹھا کیا۔

**فن لینڈ** اور **سویڈن** نے محسوس کیا ہے کہ انہیں ایسی خدمات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جو حقیقی آمدنی پیدا کر سکیں، مثلا فارماسوٹیکل کمپنیوں کو مشورہ دینا، یا فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کے لیے خدمات فراہم کرنا جو مقامی اداروں کو دینی چاہیئیں لیکن ان کے پاس مہارت نہیں ہے۔

## حکومتی یا ادارتی فنڈنگ - کینیڈا

کینیڈا اسٹروک نیٹ ورک کینیڈا کی حکومت کے نیٹ ورکس آف سینٹرز آف ایکسی لینس پروگرام کے تحت قائم کیا گیا تھا، جو CNS جیسے کام کے اقدامات کی معاونت کرنا چاہتا ہے ایسے علاقوں میں جہاں واضح ضرورت موجود ہے۔
SSO کے کام کو چلانے کے لیے حکومتی عطیات بے قیمت ثابت ہوئے ہوئے ہیں، **فن لینڈ سلووینیا** اور **سویڈن**.

## رکنیت کی اسکیمیں

اپنے معاونین کو ایک رکنیت کی اسکیم میں شمولیت کا موقع دینا بھی مستقل سالانہ آمدن محفوظ کرنے کا ایک بہترین ذریعہ اور ان کے ساتھ تعلقات قائم کرنا کا بہترین طریقہ ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ رکنیت پر مبنی تنظیم بن جانا آپ کی SSO کے لیے بہتر کام کرے گا، تو آپ کو ایک آئین لکھنے کی ضرورت ہو گی۔ ضمیمہ III میں، آئین کے ایک سادہ نمونے کی مثال موجود ہے۔

ایک کامیاب رکنیت پر مبنی تنظیم بنانے کا انحصار بھرتی کرنے اور برقرار رکھنے پر ہے۔

### بھرتی

1. اپنے اراکین کی معلومات ڈیٹا بیس میں رکھیں۔
2. اپنے موجودہ اراکین سے کہیں کہ وہ اپنے دوستوں کو شمولیت کے لیے کہیں۔
3. دیگر متعلقہ تنظیموں کے ساتھ فہرستوں کا تبادلہ کریں، مگر اپنے ملک کے تحفظ مواد کے قوانین سے آگاہ رہیں جو شاید آپ کو ایسا کرنے سے روکیں۔
4. اشتہار دیں یا متعلقہ مطبوعات میں کچھ شامل کروا دیں۔
5. اپنی ویب سائٹ پر رکنیت اور اس کے فوائد کے متعلق صفحہ تخلیق کریں۔
6. کوشش کر کے مقامی تشہیر حاصل کریں۔

### برقرار رکھنا

1. ان کی شمولیت کے وقت سے ہی برقراری پروگرام جاری کر دیں - انہیں ایک خیر مقدمی ای میل یا خط اور ایک رکنیت کا پیکٹ ارسال کریں۔
2. شمولیت کے دو ماہ بعد ٹیلی فون یا ای میل کے ذریعے ان سے رابطہ کریں اور نئے رکن کا ایک سروے ان کی شمولیت کے تقریبا چھ ماہ بعد کریں۔
3. معاوضے والے پہلے پروگرام میں شرکت پر خصوصی رعایت کی پیش کش کریں۔
4. براہ راست ڈیبٹ اسکیم متعارف کروائیں، کیوں کہ جو براہ راست ڈیبٹ سے ادائیگی کرتے ہیں ان کے رکنیت منسوخ کرنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں۔





## فالج یکجہتی علامت

فالج کی یکجہتی کا نشان دنیا بھر میں فالج کی شناخت بڑھانے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ احتیاط، علاج اور طویل المدتی معیاری نگہداشت کے متعلق اہم پیغامات کی ترجمانی بین الاقوامی علامت برائے فالج یکجہتی و آگاہی سے ہوتی ہے، فالج یکجہتی تار۔ ایسی علامت عالمی پیمانے پر آگاہی پھیلا سکتی ہے۔ یہ ایک عالمی مسئلے کا عالمی نشان ہے اور لوگوں کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اس عالمی تحریک کا حصہ بنیں۔
قومی اور سماجی ذرائع ابلاغ استعمال کرتے ہوئے اس علامت کو لانچ کیا جائے گا۔ مشہور سفارت اس دھاگے کے بارے میں آگاہی پھیلانے میں مدد دیں گے۔ مؤثر اجتماعی شراکت داری اور دکانداروں کا انتخاب اس علامت کو عوام تک پہنچانے، آگاہی بڑھانے اور فنڈ ریزنگ میں مدد کرے گا۔ عوام اس دھاگے کو آن لائن اور مختلف مواقع پر خرید سکے گی۔ فالج یکجہتی دھاگا زندہ بچنے والوں اور اس مقصد کو علاقائی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر فائدہ دے گا کیوں کہ:

- یہ عالمی سطح پر فالج کی قابل شناخت علامت ہے
- یہ فالج کے متعلق آگاہی بڑھائے گا اور فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کے لیے فنڈ
- یہ فالج کی تحریک برپا کرنے میں مدد دے گا
- یہ لوگوں کو بتائے گا کہ ہمیں فالج پر اقدام اٹھانے کی ضرورت ہے

یہ علامت SSO کے لیے کمائی کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ برطانوی تنظیم برائے فالج WSO کی جانب سے بریسلیٹ فروخت کرنے کا اجازت نامہ دیے جانے کے بعد ارادہ رکھتی ہے کہ وہ برطانیہ اور یورپ میں ایک سال کے اندر 50،000 بریسلیٹ فروخت کرے گی۔

### خصوصی چندہ مہم - برطانیہ

ایک مہدوفہ مہم کے بعد کہ میراث تنظیموں کے لیے کتنی اہم ہے، **برطانیہ** برطانیہ نے نمایاں طور پر اپنی ورثے کی آمدنی میں اضافہ کیا ہے، اور ورثے کی کمائی اب کل آمدن کا 36 فیصد شمار ہوتا ہے۔

برطانیہ میں افراد کی جانب سے ایک تہائی عطیات ترکے کی وصیت کی صورت میں آتے ہیں۔ فالج کی تنظیم نے میراث کے فروغ کے ایک پروگرام میں سرمایہ کاری کی ہے جو لوگوں کو وصیت کرنے کے عمومی فوائد کے بارے میں مشاورت فراہم کرتی ہے، لوگوں کو ان کے خاندان کو فراہمی اور ٹیکس کی معلومات اور کسی خیراتی ادارے کے لیے وصیت کی صورت میں ایک تحفہ چھوڑنے کے فوائد کی یقین دہانی کراتی ہے۔ یہ مشورہ ویب سائٹ اور عمر رسیدہ لوگوں کے لیے لگائی جانے والے نمائشوں میں پیش کیا جاتاہے (بطور مثال رٹائر منٹ شو)۔ فالج کی تنظیم 55 سال سے زائد عمر کے افراد کے لیے ایک "مفت وصیت" کی اسکیم پیش کرتی ہے جس میں وہ مجوزہ قانون دان کی جانب سے لوگوں کی وصیت تیار کرنے کی قیمت ادا کرتی ہے ۔ یہ مشورہ دیتا ہے کہ اس اسکیم کو استعمال کرنے والے لوگ وصیت کرتے وقت تنظیم کو تحفہ دینے پر بھی غور کریں اور اکثر لوگ ایسا کرتے ہیں۔ برطانوی تنظیم برائے فالج شاید بہت عرصہ تک پیسہ وصول نہ کرے۔ ترکے کی معلوم وصیتوں کی تعداد محفوظ کی گئی ہے اور چھ سال قبل 200 سے بڑھ کر اب 2،000 تک پہنچ گئی ہے۔

وہ لوگ جنہوں نے خاندان کا کوئی فرد یا دوست فالج کی وجہ سے کھو دیا وہ مرنے والے کے اعزاز میں عطیات کی صورت میں تنظیم کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ برطانوی تنظیم برائے فالج لوگوں کو اپنے مرنے والوں کے لیے ایک یادگاری فنڈ قائم کرنے کا موقع پیش کرتی ہے۔ ایک ویب کا صفحہ تخلیق کیا گیا ہے جس میں مرنے والوں کی کہانیاں ہیں جو جمع ہونے والے پیسے کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ دوست اور اہل خاندان ایک ہدف طے کر سکتے ہیں اور پیسے جمع کر سکتے ہیں اور خاص برسیوں پر عطیات دے سکتے ہیں۔ جمع شدہ اور عطیہ کردہ رقم کے مجموعے کو دیکھنا باعث تحریک ہو سکتا ہے۔

## 2.6.7 رضا کار

### 1.2.6.7 رضاکاروں کی تلاش

دوسروں کو متاثر کرنے کے لئے بہترین رضاکاروں کو بھرتی کرنا اور آپ کی آمدنی میں اضافہ بہت اہم ہے۔ آپ نے کہاں اور کیسے رضاکاروں کو اپنے کام میں شامل کرنا ہے ، اس کے لئےآپ کو ایک واضح منصوبے کی ضرورت ہے۔ رضاکاروں کی بھرتی سے متعلق ایک پالیسی اور منظم طریقہ کار کی ضرورت ہے جس کی پیروی تمام لوگ کریں ۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ٹولز جیسا کہ ویب سائٹ کو استعمال میں لائیں اور تمام عملے کے پاس استعمال کے لئے ایک ہینڈ بک اور درخواست فارم ہونا چاہیے۔ آپ کو علم ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ رضا کاروں کے ساتھ زیادہ تیزی سے کام کا آغاز کرسکتے ہیں۔

آپ کو علم ہونا چاہیے کہ کوئی رضاکار اپنی خدمات رضاکارانہ طور پر آپ کے لئے کیوں انجام دے رہا ہے– ایک مؤثر طریقہ کار کا مطلب رضاکار کی دلچسپی کو برقرار رکھنا ہے۔ ابتدائی رابطہ، درخواست پر عمل، ایک کام کی تلاش ، متعلقہ جانچ پڑتال اور تعارف جس قدر ممکن ہو تیز ی کے ساتھ انجام پانا چاہیے تا کہ آپ کے رضاکار کی دلچسپی ختم نہ ہو۔ کوشش کریں کہ آپ کے پاس رضاکاروں کے امور سے متعلق ایک منیجر ہو جو اس عمل میں معاونت کرے اور آپ کے رضاکاروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے راستے میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو کم سے کم کرے۔



**کیس اسٹڈی:**

**رضاکاروں کو استعمال کرتے ہوئے دوسروں کو منتخب کرنا - سلووینیا**

**سلووینیا** نے محسوس کیا کہ SSO اس کے ملک میں ایک نیا تصور تھا اور یہ کہ SSO کی خدمات کو استعمال میں لانے میں ایک خرابی بھی تھی۔ ان لوگوں کے ساتھ کام کا آغاز کرنا جو متحرک اورخدمات کا استعمال کر رہے تھے، یہ مزید شرکاء کے لیے دعوت کا سبب بنا، خاص طور پر ان میں جن کو مدد طلب کرنا مشکل محسوس ہوتا تھا۔

**رضاکارانہ معاونت – اسرائیل**

**اسرائیل میں فالج کے حملے میں زندہ بچنے والے رضاکاروں کو کہا گیا کہ:**

1. بہت سے سماجی کلب بنائیں اور ان کی مدد جاری رکھیں۔ اس سے پیسے کی بچت ہوئی اور رضاکاروں کو بہت اطمینان حاصل ہوا۔
2. میگزین کے لیے مواد لکھیں اور اسے اپڈیٹ کریں۔
3. کچھ تربیت کے بعد ٹیلی فون سروس پر کالوں کا جواب دینے میں مدد کریں۔ ابتدائی طور پر یہ امید تھی کہ مشورے کے لئے کی جانے والی اکثر کالز کا جواب وہ رضاکار دیں گے جنہیں تربیت دی گئی تھی۔
4. فالج کے پیشہ ور ماہرین کے ساتھ فالج سے متعلق آگاہی پیدا کرنے، فالج پر تحقیق اور ٹیکنالوجی میں تازہ ترین پیش رفت پر عوامی لیکچرز میں حاضرہوں۔
5. پالیسی ترتیب دینے میں مدد کریں۔

اس بات کو یاد رکھیں کہ اگر آپ اپنی خدمات دینے کے لئے رضاکاروں پر انحصار کرنا چاہتے ہیں تو ایسی صورت میں آپ کی SSO کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ ان کی معاونت کر سکے، ان کو اخراجات ادا کرنے کی پیشکش کرسکے اور ان کو مسلسل معاونت اور مشاورت فراہم کرسکے۔

## 2.2.6.7 رضاکاروں کا انتخاب

آپ کے SSO کو چاہیے کہ جہاں تک ممکن ہو بہت سی جگہوں پر نئے رضاکاروں کی بھرتی کے مواقع کو مشتہر کرے تاکہ نئے رضاکاروں کی تعداد اور تنوع میں اضافہ ہو سکے اور مختلف النوع کاموں، مہارتوں اورپیشہ ورانہ میدانوں کی ترویج و ترقی ہو تاکہ فالج سے متاثر ہونے والے اور ہرعمرکے لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی جاسکے۔ اس یہ امر یقینی بنایا جا سکے گا کہ آپ کے پاس انتخاب کے لئے رضاکاروں کی ایک وسیع انتخاب موجود ہے۔ اس امر کو یا د رکھنا ضروری ہے کہ آپ لوگوں کو تنخواہ کے بدلے کام کے لئے بھرتی نہیں کر رہے – آپ کسی ایسے شخص کے وقت، مہارت، اور جذبے کے متلاشی ہیں جو آپ کو یہ چیزیں فراہم کر سکتا ہو۔

کئی ایک کاموں کے لئے ممکن ہے آپ کو ایسے رضاکار کی تلاش ہو جو مخصوص مہارت رکھتا ہو یا اس نے وہ کا م پہلے انجام دیا ہو– کسی شخص کی سیکھنے کے لیے رضامندی بھی بہت اہم ہوتی ہے۔ شاید آپ یہ فیصلہ کریں کہ اس شخص کے پاس تما م مہارتیں موجود نہیں مگر وہ سیکھنا چاہتا ہے۔ اس کے لئے آپ رضاکارانہ ایجنسیوں، آن لائن بھرتی، صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کے ساتھ شراکت کے علاوہ کالجوں ، یونیورسٹیوں اور دیگر معاشرتی تنظیموں کو استعمال میں لا سکتے ہیں۔ تمام رضاکارآپ کی SSO کوفائدہ پہنچا سکتے ہیں لہذا رضاکاروں کو جگہ دینے کے سلسلے میں لچک دار رویے کا مظاہرہ کریں۔ زیادہ طلب کرنے سے نہ ڈریں - ممکن ہے رضاکار اپنے اصلی کام کو رضاکارانہ طور پر کام انجام دینے کے ساتھ ساتھ عطیہ دے کر، فنڈ جمع کرکے، مہم چلا کر، مختلف مواقع پر انتظام میں معاونت کرکے خوشی محسوس کریں۔

## 3.2.6.7 رضاکاروں سے متعلق مینیجمنٹ

رضاکاروں سے تعاون کرنا بہت اہم ہے۔ شفاف رضاکارانہ پالیسی اپنائیں جس سے رضاکاروں اور ان کے منیجر کے لئے دستیاب مدد کا پتہ چلتا ہو۔ رضاکاروں کو تربیت، جائزے، حفاظت کے بارے میں معلومات، نئے مواقع، اخراجات اور شکایات کے طریقہ کار سے متعلق رسائی دینے کی پیشکش کی جائے۔ آپ کے پاس مستقبل میں رضاکاروں کے تعاون کو یقینی بنانے کے لئے ان کو صلہ دینے کا واضح طریقہ کار موجود ہونا چاہیے۔ مشکل وقت میں آپ اپنے رضاکاروں سے جو چاہتے ہیں اس میں اضافہ ہو سکتا ہے، لیکن آپ کو مستقل بنیادوں پر رضاکاروں کے کردار کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہونا چاہئے۔ سوشل میڈیا شکریہ ادا کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ اپنے رضاکاروں کے لیے تربیتی مواقع پر یا رضاکاروں کے لئے منعقدہ ایوارڈ تقریب کے موقع پر ایک دوسرے سے آن لائن بات چیت کے لئے ایک فورم تشکیل دینا ان کی وفاداری میں اضافہ کرے گا۔ اپنے نیوز لیٹر میں رضاکاروں کی کہانیوں کو جگہ دیں اور رضاکاروں کو یہ موقع فراہم کریں کہ وہ باقاعدگی کے ساتھ منعقد کردہ اجلاسوں کے ذریعے سرگرمی اور حکمت عملی پر اثر انداز ہوں۔ یہ سب کچھ ان کو آپ کے ادارے کا ایک اہم حصہ محسوس کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔



## 3.6.7 تنظیمی ڈھانچہ اور گورننس

**آپ کی SSO کو رضاکاروں کی مختلف قسم کی تراکیب و / یا تنخواہ دار عملے کے ذریعے نگرانی میں رکھا جاسکتا ہے اور انتظام کیا جاسکتا ہے۔ ذیل میں ممکنہ تنظیمی ڈھانچے کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں:**

- **کالج کے انداز میں فیصلے / ووٹنگ سسٹم** – آپ کاایک آئین ہونا چاہیے جس میں اس بات کی تفصیل ہو کہ آپ کا ادارہ کس طریقے سے چلے گا، اس میں فیصلے تمام اسٹاف ، رضاکاروں یا دونوں کے ووٹ سے ہوں گے۔
- **فیصلہ سازی کے لئے ایک بورڈ** موجودہ اسٹاف یا رضاکاروں سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
- **ایک سی ای او یا صدر** جس کو ڈائریکٹرز یا مینیجرز کے ایک گروپ کا تعاون حاصل ہو اور جو شیئر ہولڈرز کے ایک بورڈ یا بلاتنخواہ کام کرنے والے ٹرسٹیز کو رپورٹ کرتا ہو۔
- **تنخواہ دار ڈائریکٹرز کا بورڈ** جو شیئر ہولڈرز کو رپورٹ کرے۔
- **قومی یا علاقائی کمیٹیوں کا ایک سلسلہ** جس کے نمائندگان منتخب ہو کر فیصلہ سازی کی پوزیشن پرآئے ہوں۔
- **قومی کمیٹی اور مقامی ذیلی کمیٹیاں** جن کے تمام ممبران رضاکار ہوں۔

آپ جس قسم کے ڈھانچے کا انتخاب کریں، آپ یہ بات مدنظر رکھنی ہو گی کہ ادارے کو چلانے والوں کی طرف سے کئے گئے فیصلوں کی جانچ پڑتال کس طرح ہو گی۔ آپ کے پاس بورڈ آف ٹرسٹیز، رضاکار یاشئیر ہولڈرز میں سے کیا ہو گا جو ادارے کے کام پر نظر رکھے؟ آئینی نمونے کی ایک مثال ضمیمہ III پر موجود ہے۔

آپ کو اپنی تنظیم کو باضابطہ طور پر قائم کرنے اور اس کو رجسٹر کروانے کی ضرورت ہو گی۔ ممکن ہے کہ آپ کے ملک میں کسی تنظیم کے قیام کے بہت سے مختلف طریقے ہوں۔

- غیر سرکاری تنظیمیں ایک سوسائٹی یا انجمن کے طور پر بنائی جاتی ہیں اور ان کو قومی سطح پر کسی سرکاری محکمے یا بیورو میں رجسٹر کروایا جاتا ہے۔
- مقامی حکومت کے کسی محکمے یا بیورو کے ساتھ رجسٹریشن۔
- قومی بورڈ یا حکومتی ادارے کے ساتھ رجسٹریشن مثال کے طور پر برطانیہ اور ویلز میں چیریٹی کمیشن۔
- قومی سطح پر سرکاری محکمے کے ساتھ رجسٹریشن جس میں ہر سال تجدید کے لئے ڈیٹا کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ایک پرائیویٹ کمپنی قائم کریں۔

**آپ کس قسم کی تنظیم ہوں گے؟**
سوچنے کی کچھ مزید چیزیں یہ ہیں:

- کیا آپ اپنے ادارے کو کمپنی کے طور پر قائم کریں گے یا چیریٹی تنظیم کے طور پر؟
- کیا آپ کے ملک میں کسی تنظیم یا گروپ کے قیام پر کوئی پابندی ہے؟
- کیا آپ نے ایسے تمام طریقوں کے متعلق چھان بین کر لی ہے جس سے آپ کو ٹیکس میں چھوٹ یا رعایت مل سکتی ہے؟ کیا آپ کو اس کا اہل ہونے کے لئے سالانہ کاغذی کارروائی مکمل کرنے کی ضرورت ہوگی– آپ کو اس مقصد کے لئے کون سا ریکارڈ مہیا کرنا ہوگا؟

## 4.6.7 مہم چلانا اور اثر انداز ہونا

اگر آپ اپنی سرگرمی کے ایک حصے کے طور پر پالیسی پر اثرانداز ہونے کی کوشش کرنے جا رہے ہیں، توآپ غور کریں کہ کس طرح آپ بہترین تاثر پیدا کرسکتے ہیں اس کے ساتھ یہ فیصلہ کریں کہ کون سے اہم ترین مسائل ہیں جن پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

### آپ اپنی مہمات کے بارے میں کس طرح کا فیصلہ کریں گے؟

اس کا فیصلہ آپ کا بورڈ آف گورننس یا ڈائریکٹرز اہم شخصیات مثلاً سروے اسٹاف ، عوام، رضاکاروں یا فالج کے حملے سے زندہ بچ جانے والوں اور دیکھ بھال کرنے والوں سے مشاورت کے ذریعے کرسکتا ہے۔ ممکن ہے کہ آپ اپنی مہمات کسی تحقیق کے نتائج کو سامنے رکھ کر ترتیب دینا چاہتے ہوں یا ایسی چیزوں کو منتخب کرنا چاہتے ہوں جو آپ کی دوسری سرگرمیوں یا کارروائیوں کا حصہ ہوں۔ کومتی ہدایات یا پالیسی آپ کی مہم کے مرتکز کو متاثر کر سکتی ہے یا جیسے آپ کا کوئی سپانسر یا کارپوریٹ شراکت دار بھی اثرانداز ہوسکتا ہے۔

### مہم جوئی

- اپنے آپ سے سوال کریں "کیا مجھے اس وقت اس موضوع پر مہم چلانے کی ضرورت ہے؟" کبھی کبھار تبدیلی صرف درست وقت پر درست شخص سے پوچھنے کی وجہ سے آئے گی۔
- آپ کسی قسم کی تبدیلی دیکھنا چاہتے ہیں؟ عمل کے لئے ایک متاثر کن اور واضح نعرہ بنائیں جو یہ بتائے کہ آپ کا تجویز کردہ حل کیونکر کام کرے گا۔
- آپ کی مہمات میں فالج کے حملے میں زندہ رہنے والوں کی زندگی اور انہیں درپیش مسائل کا حقیقی عکس نظر آنا چاہیے۔

### آپ کی مہم کے لئے اہم فیصلوں میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہونی چاہیئیں:

- کیا بڑے پیمانے کی قومی مہمات پر توجہ **مرکوز ہوگی** یا پھر چھوٹے پیمانے پر مقامی سطح کی مہمات پر توجہ دی جائے گی؟
- **آپ ابتدائی بچاؤ پر توجہ دیں گے یا ثانوی بچاؤ پر؟**
- **آپ کی مہم کے مطلوبہ اہداف کیا ہیں** – قوانین میں تبدیلی، خدمات میں تبدیلی؟

**اگر آپ کوئی مہم ترتیب دینے کے قابل نہیں ہیں تو ایسی صورت میں** بڑے پیمانے کی مہمات کے لئے کیا متبادل ہیں – ممکن ہے آپ اس سلسلے میں منعقد ہونے والی تقریبات میں شرکت کریں، اپنی سرگرمیوں کی تشہیر کے لیےعالمی یا یورپی فالج کے دن کو استعمال کریں، یا پھر آپ اس سلسلے میں اپنا قومی آگاہی کا ہفتہ منائیں۔

### جب مہم جوئی کا آغاز کریں اس بارے میں سوچیں:

- اس بات کی جستجو کریں کہ فیصلے کون کرتا ہے اور فیصلہ سازوں پر کون اثرانداز ہوتا ہے۔ ایک منصوبہ تیارکریں کہ آپ کس طریقے سے لوگوں کے دونوں گروہوں سے بات کرسکتے ہیں۔
- فیصلہ ساز اور ان پر اثر انداز ہونے والے لوگ اکثر اوقات بہت مصروف ہوتے ہیں۔ جب آپ ان سے ملاقات کریں تو آپ کے پاس 30 سیکنڈ کی ایک کہانی ہونی چاہیے تا کہ آپ مسئلے کی وضاحت کرسکیں اور بتا سکیں کہ آپ اس بارے میں کیا چاہتے ہیں۔ اپنی بات واضح اور سادہ انداز میں کریں۔
- اپنی مہم میں میڈیا کو شامل کرنا فائدہ مند ہوسکتا ہے۔
- آپ کی مہم کیسی چل رہی ہے اس بارے میں اس پر باقاعدگی سے نظر رکھنا یاد رکھیں۔

## مہم چلانا اور اثر انداز ہونا

### فالج کے حملے سے بچاؤ- جاپان

**جاپان** نے فالج کے حملے سے بچاؤ کی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا، اس میں شہریوں کی شرکت کے لئے سمپوزیم کا انعقاد، فالج آگاہی ہفتہ کے پوسٹرز، ٹی وی پروگراموں پر فیچر شامل کیے گئے۔ ' دماغی حملے' کی ایک مہم کے دوران بھی ٹی وی اور ریڈیو اور ٹوکیو کے ریلوے اسٹیشن پر فیچروں پر مشتمل پوسٹرز کواستعمال میں لایا گیا۔ ثانوی بچاؤ پر مزید مرتکز مہم فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں اور ان کے خاندان کے لوگوں کے لئے چلائی گئی، جس میں سامعین سے بات چیت کے لئے سمپوزیم کا استعمال کیا گیا۔

### سرگرمی کے عرصے پر مرکوز – نیوزی لینڈ اور برطانیہ

اپنی تمام ترکوششوں کو ایک یا دو مواقع پر صرف کریں جو آپ کے مقصد کی ٹھیک طرح سے تشہیر کر سکیں – جیسے **نیوزی لینڈ**کی طرح جہاں فشار خون سے آگاہی کا قومی ہفتہ اور فالج سے آگاہی کا سالانہ ہفتہ منایا جاتاہے۔

**برطانیہ** نے حال ہی میں ایکشن آن سٹروک مہینے کا آغاز کیا ہے– ہر مئی کے مہینے میں ایک سالانہ موقع ہے جس میں فالج کے حملے میں بچ جانے والے لوگوں کو تنظیم جو مدد فراہم کر سکتی ہے، کے متعلق زیادہ آگاہی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کو فنڈ اکٹھا کرنے اور مہم میں تعاون کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ پورے برطانیہ کے اندر رضاکاروں، تعاون کرنے والوں اور عملے کو کہا جاتا ہے کہ وہ آگاہی کے دنوں کو استعمال میں لاتے ہوئے اس موقع کی تشہیر کریں اور فنڈ اکٹھا کرنے کے مواقع میں حصہ لیں۔ اسی موقع کے دوران جاری مہمات کی تشہیر بھی کی جاتی ہے۔

### فالج سے آگاہی کے دن –اسرائیل اور سویڈن

دوسری کئی SSO کی طرح، **اسرائیل** کو بھی اپنے کام سے متعلق لوگوں تک پیغام پہنچانے، زندہ بچ جانے والوں کو ان کی خدمات کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرنے، اور ان لوگوں تک تمام خدمات اور زندہ بچ جانے والوں تک رسائی دلانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑا جو ان خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے تھے۔ عالمی فالج آگاہی دن کی مہم کو ان لوگوں تک پہنچنے کے لئے ایک راستے کے طور پر شناخت کیا گیا اور اسرائیل نے جس مہم کو ترتیب دیا اسے WSD مقابلے میں دوسرے انعام کا حق دار قراردیا گیا۔

فالج سے آگاہی کے عالمی دن کے موقع پر **سویڈن** کی تمام 67 انجمنوں نے عوام کو فالج کے حملے سے متعلق آگاہی دینے پر توجہ مرکوز کی۔ انہوں نے لوگوں سے فالج کے حملے کی علامات کو شناخت کرنے سے متعلق بات چیت کی، اس میں FAST طریقے کے متعلق بتایا گیا اور یہ بتایا گیا کہ ممکنہ حد تک جلد از جلد ایمبو لینس بلانا کتنا اہم ہے۔ انہوں نے TIA اور خطرے کے عوامل سے متعلق معلومات فراہم کرنے پر توجہ دی اور بتایا کہ کس طرح صحت مند زندگی گزاری جا سکتی ہے۔ کچھ علاقوں میں عوام الناس کے لئے سیمینار منعقد کئے گئے۔ انہوں نے اخبارات کے اندر مضامین بھی شائع کرائے اور انٹرنیٹ چیٹ کا اہتمام بھی کرایا گیا۔



### اپنا 'برانڈ ' متعارف کروائیں - مملکت متحدہ برطانیہ

آپ کو اپنا برانڈ منفرد بنانے کی ضرورت ہے۔ ایسے نعرے ا ستعمال کریں جو آسانی سے یاد رہ سکیں اور چیزوں کو سادہ اور قابل فہم بنائیں۔ یاد رکھیں، فالج کئی لوگوں کے لئے سمجھنا مشکل ہو سکتا ہے۔

**برطانیہ** نے جانا کہ ان کا لوگو اور برانڈ لوگوں کو ان کے کام کے متعلق بتانے میں موثر ثابت نہیں ہوا – اکثر اوقات لوگ ایک جیسا رنگ استعمال ہونے کی وجہ سے یہ خیال کرتے تھے کہ وہ بھی صحت کی خدمات کا ایک حصہ ہیں اور یہ چیز فنڈ اکٹھا کرنے میں رکاوٹ کا باعث بنی۔ اسٹروک ایسوسی ایشن نے ایک نئے برانڈ اور طرز میں سرمایہ کاری کی جو کہ زیادہ منفرد اور خوبصورت ہے اور یہ واقعی ایک خیراتی ادارے کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ (ذیل میں ملاحظہ کریں)۔

### شراکت داری میں کام کرتے ہوئے – آسٹریلیا، جاپان اور اٹلی

دوسری غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے ساتھ ایک اتحادی کے طور پر کام کرتے ہیں تاکہ عوام الناس میں آگاہی پیدا کی جائے جس کے لیے این جی اوزکا ساتھ دیا جاتا ہے ،بشمول بیماری یا صحت سے متعلقہ تنظیموں کے۔ مریضوں کے اداروں کے ساتھ جن کی ضروریات ایک طرح کی ہوں اتحاد بنانے کی کوشش کی جاتی ہے،خاص طور پر غیر متعدی امراض کے لئے۔

**آسٹریلیا** نے اپنے کام کے لئے شراکت کو بےحد استعمال کیا ہے۔ آسٹریلوی فالج آگاہی اتحاد، جسے فاؤنڈیشن نے قائم کیا اور فالج سوسائٹی آسٹرل ایشیا نے 2008 میں فالج پر کام کرنے والے گروہوں اور اداروں کےنمائندگان، جیسا کہ پیشہ ور افراد اور پیشہ ور انجمنوں کے نیٹ ورک، کو جمع کیا۔ یہ اتحاد فالج سے حفاظت کو بہتر بنانے کے لئے اجتماعی طور ترجیحی بنیادوں پر کام کرتا ہے، ایک کا م کو بار بار انجام دینے کے عمل کوکم کرتا ہے اور فالج سے حفاظت کے لئے آواز بلندکرتا ہے۔ آسٹریلیا، آسٹریلوی مزمن بیماریوں سے بچاؤ کا بھی حصہ ہے، جو کہ صحت سے متعلقہ پانچ این جی اوز کا اتحاد ہے جو پرانی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے مل کام کر رہی ہیں، خطرے کے ان عوامل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے جو تمام بیماریوں کا باعث ہوتے ہیں- ناقص غذا، جسمانی غیر فعالیت اور موٹاپا۔ یہ قومی ویسکولر ڈیزیز پریونشن الائنس کا بھی ایک مرکزی ممبر ہے جو ہارٹ فاؤنڈیشن، ڈایابیٹیز آسٹریلیا اور کڈنی ہیلتھ آسٹریلیا کے ساتھ مل کر رہنما اصول ترتیب دیتے ہوئے اور پالیسی میں تبدیلی کی مہم چلا کر ایسے افراد میں شریانوں کے مرض کے خطرے کو کم کرنے کے لیے کام کر رہا ہے جو اس سے متاثر ہوں۔ **اسرائیل** ایک ایسے اتحاد کا حصہ ہے جس کے لئے این جی اوز جو مزمن بیماریوں کی نمائندگی کرتی ہیں لابی کررہی ہیں اور یہ مریضوں کے حقوق کی تنظیم کی پہل کاری کی وجہ سے ممکن ہوا۔ وہ نئی اسرائیل برین کونسل کے بورڈ پر مریضوں کی مدد کے گروپوں کے نمائندے کے طور پر ایک فعال کردارا دا کررہی ہیں۔

**جاپان** نے ایک آگاہی مہم کا آغاز مقامی حکومت اور میڈیکل تنظیموں کے تعاون سے کیا۔ **اٹلی** مستقبل میں اپنے کام کی تشہیر کے لیے نامور شخصیات تلاش کرنے کا سوچ رہا ہے، خاص طور پر نوجوان لوگوں کے ساتھ۔

## ہم فالج کے حملے کے بعد زندگی کے لیے ہیں۔

## 5.6.7 تجزیہ اور پائیداری

کسی بھی مستحکم SSO کے لئے 2 اہم سوالات ہیں وہ یہ کہ آپ جو کچھ کر رہے ہیں وہ موثر اور پائیدار ہے۔

### 1.5.6.7 تجزیہ

**جب تک آپ کی SSO کے پاس پیمائش اور تجزیے کا کوئی نظام نہ ہو، آپ کی SSO کے لئے یہ مشکل ہو گا کہ:**

- وقت اور اخراجات کی حدود کے اندر رہے اور اہم ترین کام پر توجہ دے؛
- منصوبے کو مدنظر رکھتے ہوئے کارکردگی سے متعلق شواہد پیش کرسکے تا کوشش کو تحریک اور توجہ ملے؛
- جب چیزیں درست سمت میں منصوبے کے مطابق کام نہ کررہی ہوں تو اصلاحی اقدامات اٹھائے؛
- آپ کی SSO پر اثر انداز ہونے والی تبدیلیوں سے لچک کا مظاہرہ کرے۔

سادہ طور پر، آپ کی SSO کو یہ جاننے کی ضرورت ہو گی کہ وہ مقاصد، اہداف اور کم از کم اگلے 12 ماہ کے مطلوبہ نتائج کے سلسلے میں کیا کام انجام دے رہی ہے۔

### 2.5.6.7 استحکام

**ایک SSO کو جو چیز استحکام بخشتی ہے وہ دوسری کسی بھی تنظیم سے غالباً تھوڑی مختلف ہوتی ہے اور اس میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوتی ہیں:**

- ایک واضح ہدف ہونا؛
- پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر کے ساتھ اچھے تعلقات؛
- پرعزم ممبران، رضاکار اور عطیہ دہندگان؛
- تنظیم کے اندر لچک موجود ہونا اور اپنے آپ کو تبدیل کرنے کی صلاحیت؛
- واضح ، حقیقی منصوبے اور حکمت عملی؛
- مالی وسائل جو آپ کے تمام اخراجات کو پورا کریں؛
- پرعزم اور ماہر سٹاف اور اعلیٰ معیار کا کام؛
- مضبوط قیادت؛
- قانونی، سیاسی اور سماجی ماحول جو ادارے کی معاونت کرتا ہے؛

سال میں کم از کم ایک دفعہ آپ کی SSO کو مندرجہ بالا نکات کے مطابق اپنا جائزہ لینا چاہیے۔



# 8 دیگر کیس اسٹڈیز

اس حصے میں، ہم نے ان کیس اسٹڈیز کو شامل کیا ہے جو ایک موضوع سے زیادہ پر بات کریں یا ایک ملک مجموعی طور پر ان کی نظر میں ہو۔

## 1.8 عملے کو درست مہارتوں کے ساتھ تیار کریں

**برازیل** نے ایسےتنخواہ دار عملے کی ضرورت کو تسلیم کیا جو فنڈ اکٹھا کرنے اور وسائل کی تلاش کا علم رکھتا ہو اور پتہ چلا کہ ایسے پیشہ ور افراد کو تلاش کرنا مشکل اور مہنگا کام تھا۔ برازیل میں این جی اوز کے لئے قواعد اور قوانین ہیں اور ٹیکس ادا کرنا ہوتا ہے) این جی اوز کم ٹیکس دیتی ہیں) اور SSO کو ایسے عملے کی ضرورت تھی جو اس کے بارے میں علم رکھتے ہوں۔ ایسے عملے کی ضرورت تھی جو دوسری زبانیں خاص طور پر انگریزی بول سکے تاکہ بیرون ملک رابطے اور تعلقات بنائے جا سکیں۔ قانون اور فالج کے حملے سے متعلق خصوصی سمجھ بوجھ پیدا کرنا تمام SSO کے لئے سود مند ہوگا۔

## 2.8 قانونی مسائل

فالج سے متاثرہ افراد تک رسائی کے راستے میں کچھ رکاوٹیں ہو سکتی ہیں، مثال کے طور پر قانونی یا ڈیٹا تحفظ کی رکاوٹیں جو ہسپتال یا تھراپسٹ کو خدمات استعمال کنندگان آپ کی طرف بھیجنے سے روکتی ہیں۔ ان رکاوٹوں کے بارے میں معلوم کریں اور اس بات کا تعین کریں کہ کس طرح سے کوئی قانون آپ پر اثر انداز ہو سکتا ہےتا کہ آپ اس طرح کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ایک منصوبہ تیا ر کرسکیں۔

## 3.8 خدمات کے استعمال کنندگان کی نمائندگی

**جرمنی** نے فالج کے حملے سے بچ جانے والوں کی بورڈ آف ٹرسٹیز میں نمائندگی کویقینی بنایا۔

**سویڈن** - تنظیم کے اجلاس کے موقع پر ممبران بورڈ اور اس کے چیئرمین کا انتخاب کرتے ہیں۔ فالج کے حملے سے زندہ بچ جانے والوں کی طرف سے تجربات اور خیالات کو اس اجلاس میں زیرغور لایا جاتا ہے۔

نیوزی لینڈ **کی اسٹروک فاؤنڈیشن** فی الوقت ایک ممبران پر مبنی تنظیم ہے جس میں تمام لوگوں کو بشمول خدمات کے استعمال کنندگان ممبر شپ دی جاتی ہے اور اس میں ووٹ کا حق شامل ہوتا ہے۔

فن لینڈ **میں** ممبران زیادہ تر فالج کے حملے سے بچ جانے والے لوگ اور ان کا خاندان ہوتا ہے اور ان کی نمائندگی تنظیم کی گورننگ باڈی میں ہوتی ہے۔



## 4.8 فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں سے مشاورت

ف **برطانیہ میں**, فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں سے کارپوریٹ حکمت عملی پر مشاورت کی گئی۔ صارف شمولیت کام میں ریڈرز پینل شامل ہوتا ہے جو ایسے لوگوں کو جنہیں فالج کے مرض میں دلچسپی ہوتی ہے، اشاعت پر تبصرہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

**آسٹریلیا** اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ صارفین کا اثر ورسوخ تنظیم کی سمت اور خدمات کی فراہمی کے عمل پر بڑھ رہا ہے۔ قومی بورڈ آف ڈائریکٹرز میں دو آسامیاں ایسے ڈائریکٹرز کے لئے مختص کی گئی ہیں جو صارفین کے مفاد کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس صلاحیت کی وجہ سے ادارے کی پالیسی کی سمت کے تعین میں ان کا اثرو رسوخ ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ ایک صارف کونسل، بورڈ کی ایک ذیلی کمیٹی حال ہی میں قائم کی گئی ہے۔ اس کردار کے ساتھ صارفین تنظیم کی وکالت کے کام میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ مزید یہ کہ ایسی تمام خدمات جن پر توجہ مرکوز ہوتی ہے یا جوصارفین کی نگہداشت پر اثر انداز ہوتی ہیں ایڈوائزری گروپ کے توسط سے صارفین کی مدد پر مشتمل ہوتی ہیں۔

**اسرائیل** میں، ماسوائے چیئرمین کے جو ایک معروف ماہرِ فالج ہوتا ہے، بورڈ کے تمام ممبران فالج کے حملے سے زندہ بچ جانے والے لوگ یا ا ن کے خاندان کے لوگ ہوتے ہیں۔

**جاپان** کے لئے، قومی تنظیم برائے اسٹروک سروائیور سیلف ہیلپ گروپ کا ایک نمائندہ بورڈ کے ممبر کے طور پر منتخب کیا جاتا ہے۔

## 5.8 ممالک کی کیس اسٹڈیز

**یوکے** – 1992 میں اسٹروک ایسوسی ایشن ایک ایسے ملک کے اندر قائم ہوئی جہاں پر سرکاری فنڈ سے چلنے والا حفاظتِ صحت کا مفت نظام کام کرتا ہے۔ تپ دق سے بچاؤ کی تنظیم جو پچھلے کئی سالوں سے کا م کررہی تھی، 1992 میں اسٹروک ایسوسی ایشن کے قیام سے قبل اسے چھاتی، دل اور اسٹروک ایسوسی ایشن میں تبدیل کیا گیا۔ مہم جوئی اپنی توجہ فوائد اور خدمات پر مرکوز کئے ہوئے ہے:

- **پہلے پوچھیں۔** ایٹریل فیبریلیشن (AF) سے متعلق آگاہی پیدا کرنا
- **فالج کے حملے کے بعد میری کامیابی۔** فالج کے حملے کے بعد کی زندگی کی مثبت کہانیاں
- **اپنے فشار خون کے متعلق جانیے**
- **روزمرہ زندگی کا سروے۔** سب سے زیادہ تفصیلی اور جامع سروے جو ابھی تک فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والوں کی زندگی سے متعلق ہوا ہے

اسٹروک ایسوسی ایشن 2.5 ملین پونڈ سالانہ اسٹروک کی تحقیق کے لئے مہیا کرتی ہے۔ اس کا حکومت کے ساتھ اعلیٰ سطحی رابطہ ہے اور فالج کے حملے سے متعلق ہونے والوں مباحثوں میں اس کی شرکت ہوتی ہے۔ پیش کی جانے والی خدمات میں اشاعت، ٹیلی فون تعاون، تعاون کنندگان گروپ، احساس محرومی دور کرنا، ہسپتال جانا اور گھریلو ماحول سے مطابقت پیدا کرنا شامل ہیں۔





**فن لینڈ**۔ 1977 میں ایک ایسے ملک میں تشکیل پائی جس میں زیادہ تر حفاظتِ صحت کا نظام مفت ہے۔ فِن لینڈ میں این جی اوز جو بیماری کے خلاف، مریضوں اور معذور افراد کی مدد کے لئے کام کرتی ہیں ان کےلئے پیسہ سلاٹ مشین ایسوسی ایشن(RAY) سے آتا ہے جس کا بڑا مقصد گیمنگ آپریشنزسے فنڈ اکٹھا کرنا ہوتا ہے تاکہ فن لینڈ میں صحت اور بہبود کو بہتر بنایا جا سکے۔ فن لینڈ میں تنظیموں کے قیام کے لیے کچھ قواعد ہیں۔ یہ امر لازمی ہے کہ فن لینڈ میں پیٹنٹس اور رجسٹریشن کا بورڈ کسی بھی ادارے کے قیام کی توثیق کرے۔ فن لینڈ کی فینش ڈائیبٹیز اینڈ ہارٹ آرگنائزیشنز سے شریانوں کی صحت کو بہتر بنانے سے متعلق تزویراتی شراکت داری ہے اور یہ شریانوں کے امراض سے بچاؤ کو روکنے کے لئے مل جل کر کام کرتے ہیں۔ روایتی طور پر، وہ ہر سال 10 مئی کو فالج کے حملے سے بچاؤ کی مہم چلاتے ہیں۔ سال 2011 میں مرکزی موضوع 'اپنے فشار خون کے بارے میں جانیے' تھا۔ مہم کے بارے میں فیصلہ استعمال کنندگان کی ان-پٹ اور بورڈ آف گورننس کرتا ہے۔ یہ ادارہ فالج کی تحقیق کے لئے فنڈ فراہم نہیں کرتا لیکن اس کا حکومت کے ساتھ کچھ رابطہ ہوتا ہے اور مباحثوں میں شرکت کرتا ہے۔ فن لینڈ دوسری تنظیموں ، فالج کے حملے میں زندہ بچ جانے والے لوگوں، ان کی نگہداشت پر مامور افراد اور پیشہ وروں کو تربیت فراہم کرتا ہے، اشاعت اور معلومات تیار کرتا ہے اور تعاون کنندگان گروپ، ہسپتال جانے اور تفریح کا انتظام کرتا ہے ۔

**سلووینیا**۔ 1997میں اس ملک میں قیا م عمل میں آیا جہاں پر نظام صحت کا نظام زیادہ تر مفت ہے۔ سلووینیا میں تما م غیر منافعَ بخش اداروں کی سرکاری طور پر وزارت صحت یا وزارت محنت اور سماجی امور کے توسط سے رجسٹریشن ضروری ہے۔ دونوں محکموں میں غیر منافہ بخش اداروں کو مشورہ دینے کے لئے ایک کمیٹی موجود ہے۔ غیر منافہ بخش ادارے کی فنڈنگ نیشنل فاؤنڈیشن فار ہیومینیٹیرین آرگنائزیشنز اور وزارت صحت اور انشورنس کمپنی سے آتی ہے۔ کمپنیوں کی طرف سے عطیات اور سپانسرشپ ادارے کی آمدنی کا مختصر حصہ بناتے ہیں، اس طرح عوام الناس کی طرف سے دیے جانے عطیات ہیں کیونکہ سلووینیا میں یہ چیز زیادہ عام نہیں ہوئی ہے۔ ان کی زیاد ہ تر آمدنی سرکاری گرانٹ سے ہوتی ہے۔ ادارے کا آغاز فالج کے فارغ سروس طبیبوں کے ساتہ ساتہ فالج کے حملے میں بچ جانے والے کچھ متحرک افراد نے کیا۔ وہ مہمات نہیں چلاتے بلکہ مختلف موقعوں پر حاضر ہوکر فالج کے حملے سے متعلق اپنے پیغامات پیش کرتے ہیں۔ تنظیم فالج سے متعلق تحقیق کو فنڈ مہیا کرتی ہے اور حکومتی کے ساتہ اوسط سطح کارابطہ رکھنے کے ساتہ ساتہ مباحثوں میں شرکت کرتی ہے۔ تربیت زیادہ تر عملے، رضاکاروں، فالج کے حملے میں زندہ رہنے والوں اور ان کی نگہداشت کرنے والوں کوفراہم کی جاتی ہے۔ خدمات میں اشاعت اور معلومات، براہِ راست تعاون اور تفریح جیسی چیزیں شامل ہیں۔ تنظیم کی ابتداء 20 لوگوں کے ایک مختصر گروپ سے ہوئی– جس میں چند ایک فالج سے متاثرہ افراد تھے جنہوں نے موجودہ تنظیم کی مدد سے منسلک' بدنامی' پر قابو پا لیا تھا۔ یہ اب کافی حد تک ترقی کرچکی ہے اور اس نے فالج کے حملے سے متعلق عوام میں آگاہی پیدا کرنے میں مدد دینے کے ساتہ ساتہ فالج سے متاثرہ افراد اور ان کے خاندان کے لوگوں کی زندگی بہتر بنانے میں مدد کی ہے۔ اس کی تکمیل مندرجہ ذیل امور انجام دینے سے ہوئی:

- سرگرمیوں کو کامیابی کے ساتہ انجام دینے سے بشمول اسٹروک کلب بنانے اور مقامی سطح پر ورکشاپوں کا انعقاد؛
- 'بات' کے ذریعےمعلومات پھیلانا؛
- میڈیا (مقامی ریڈیو)؛
- اشاعت؛
- دوسرے اداروں کے ساتہ اشتراک؛
- مقامی سوسائٹیوں کے ساتہ اشتراک (میونسپلٹیاں، چرچ کمیونٹی)۔



**انڈونیشیا**- قیام 2008 میں ہوا، صحت کی سہولیات کے لئے یا تو ذاتی طور خود مکمل ادائیگی کرنا ہوتی ہے یا پھر ایمپلائمنٹ-کنڑی بیوٹڈ انشورنس سے ادائیگی ہو تی ہے، اور وہ لوگ جن کی انشورنس نہیں ہوتی وہ صحت کی سہولیات کے لئے خود ادائیگی کرتے ہیں ماسوائے ان لوگوں کے جو بہت غریب ہیں اور جن کو حکومت مدد فراہم کرتی ہے۔ عمومی طور پرکوئی طبی یا عمر سے متعلقہ غیر منافہ بخش ادارے ملک میں موجود نہیں ہیں۔ اگرچہ لوگ غیر منافہ بخش ادارے، کو چندہ دیتے ہیں لیکن انڈونیشیا اس چیز سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ زیاد ہ تر غیر منافہ بخش ادارے اپنے پیسے پر انحصار کرتی ہیں اور کچھ کو ایسی کمپنی سے فنڈ ملتے ہیں جو ان کی سرگرمیوں سے متعلق کام کرتی ہے۔ قانون کی رو سے تمام غیر منافہ بخش ادارے کو مقامی اتھارٹی کے ساتھ رجسٹر ہونا چاہیے۔ انڈونیشیا کو مالی مشکلا ت اور کام سرانجام دینے کے لئے عملے اور رضاکاروں کی کمی کا سامنا ہے۔ تنظیم اپنی صلاحیت اور قابلیت کے مطابق کام جاری رکھتی ہے۔ 2011 کی مہمات میں فالج سے متاثرہ معذور افراد کے لیے نیورالوجی، نئے متاثرہ افراد کے لئے جسمانی تھراپی اور فالج کے حملے کے اثرات سے نکلنے کے لئے نفسیاتی علاج شامل تھا۔ بورڈ آف گورننس کسی بھی مہم کے لئے فیصلہ کرتا ہے اور اس سلسلے میں صحت کے ماہرین کی ان پٹ بھی دستیاب ہوتی ہے۔ یہ تنظیم فالج سے متعلق تحقیق کے لئے فنڈ مہیا نہیں کرتی اور اس کا حکومت سے اعلیٰ سطحی رابطہ ہوتا ہے اور یہ مباحثوں میں شرکت کرتی ہے۔ یہ تنظیم دوسرے اداروں، عوام الناس اور فالج کے حملے میں بچ جانے والے افراد کو تربیت کی پیشکش کرتی ہے۔ پیش کی جانے والی خدمات میں اشاعت، اطلاعات ، براہِ راست تعاون، تعاون کنندگان گروپ، احساس محرومی دور کرنا اور تفریح جیسی چیزیں شامل ہوتی ہیں۔

**ہانگ کانگ** میں ایک SSO سال 2003 سے موجود ہے۔ حفاظتِ صحت کی سہولیات پبلک سیکٹر اور/ یا پرائیویٹ سیکٹر مہیا کرتا ہے۔ شہری پبلک ہیلتھ کیئر سسٹم میں شرکت کرسکتے ہیں۔ شہری پرائیویٹ سیکٹر کو یا تو اپنے طور پر یا پھر اپنے انشورنس نظام کے ذریعے استعمال کرسکتے ہیں۔ لیبر اور ویلفیئر بیورو مریض/ طبی غیر منافہ بخش اور مریضوں کی تنظیمیں قائم کرنے میں شریک ہوتی ہے۔ اس تنظیم کا قیام رضاکاروں اور فالج سے متاثرہ افراد اور ان کے رشتہ داروں اور دوستوں کے ساتھ ساتھ پیشہ ور افراد کے ساتھ ، معمولی دماغی فالج اور فالج سے متاثرہ اپنی مدد آپ کے گروپوں کی مشترکہ کوششوں سے ہوا جو عوام کی تعلیم، اپنی مدد آپ یا باہمی مدد کی سرگرمیوں، اور پرچوں، کتابچوں اور ایک معلوماتی ویب سائٹ کے ذریعے معلومات کی تشہیر میں مصروف تھے۔ یہ تنظیم ان افراد کو جو دماغی فالج اور فالج سے متاثرہ ہیں بااختیار بنانے کی کوشش کرتی ہے تا کہ کمیونٹی کے اندر عوامی تعلیم کے مواقع، مثال کے طور پر ان کی کہانیاں نوجوان لوگوں تک پہنچا کر، دوستوں کی آپس کی مشاورت اور نمائشوں کی سہولت مہیا کرکے اپنا حصہ ڈالا جائے۔ ایگزیکٹو کمیٹیاں ان کی مہمات کے بارے میں فیصلہ کرتی ہیں۔
ہانگ کانگ HK کے اندر این جی اوز کو کچھ فنڈ حکومت کی طرف سے ملتے ہیں اور کچھ پرائیویٹ فنڈ مختلف ذرائع سے مثلاً تجارتی تنظیموں اور خیراتی اداروں سے ملتے ہیں۔ یہ تنظیم فالج پر تحقیق کے لئے کوئی فنڈ نہیں دیتی اور حکومت کے ساتھ عوامی مباحثوں کا موقع کم ہی ہوتا ہے۔ یہ تنظیم اپنی مدد آپ کے گروپ ملکی حدود کےاندر مہیا کرنے پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ ہانگ کانگ میں پانچ سے زیادہ فالج کے مریضوں کے گروپ موجود ہیں۔ اپنی مدد آپ کے مختلف گروپوں میں ان کی ترجیحات کے حوالے سے آغاز میں اختلاف دیکھنے میں آیا مگراب اس پر قابو پا لیا گیا ہے۔ انفرادی گروپوں نے کئی سالوں کے دوران اپنے درمیان اختلافات کو ختم کرنے اور پھر مشترکہ مقاصد کے لئے کام کرنا سیکھ لیا ہے۔ تنظیم نے حال میں ہیلتھ کیئر سسٹم کے ساتھ 24 گھنٹے کی ایمرجنسی سروس کی ضرورت کی وکالت کرنا شروع کی ہے۔

# 9 مدد کے لئے کہاں جایا جائے

## 1.9 عالمی اسٹروک آرگنائزیشن WSO میں شمولیت اختیار کریں

پیشہ ور افراد اور ساتھ ہی ساتھ پیشہ ور اور اسٹروک سپورٹ تنظیمیں جو فالج کے مرض میں دلچسپی رکھتی ہوں ممبر بننے کے اہل ہیں۔

**WSO کے موجودہ ممبران:**

- 75 مختلف ممالک سے 1000 سے زائد انفرادی ممبران
- 40 سے زیادہ علاقائی/ قومی سائنسی اور اسٹروک سپورٹ تنظیمیں۔

**WSO کے انفرادی اور سوسائٹی ممبران مندرجہ ذیل فوائد حاصل کرتے ہیں:**

- انٹرنیشنل جرنل آف سٹروک (IJS) کے لئے مفت رکنیت **اور آن لائن رسائی**
- فالج سے متعلق عالمی اجلاسوں کی رجسٹریشن فیس میں قابل ملاحظہ ڈسکاؤنٹ
- **ویب کاسٹڈ / پوڈکاسٹڈ کانگرس اجتماعات کے لئے** مفت رسائی
- ورلڈ اسٹروک اکیڈمی (WSA) **۔ فالج سے متعلق معلومات کے عالمی وسائل مرکز** تک رسائی **اور صحت کے ماہرین کے لئے تعلیم جاری رکھنے کا ایک موقع**
- WSO ممبر شپ ڈائریکٹری **تک آن لائن رسائی اور اس میں شمولیت**
- ورلڈ اسٹروک کانگرسیں منعقد کرنے اور اس سلسلے میں طلب کی گئی پیشکشوں میں شرکت کا حق
- بورڈ آف ڈائریکٹرز 2012-2016 کے لئے ووٹ دینے، نامزد ہونے یا منتخب ہونے کا حق
- ممبرشپ سرٹیفیکیٹ (درخواست کرنے پر)

**شمولیت کیسے کی جائے**

ملاحظہ کریں: http://www.world-stroke.org/ جہاں سے آن لائن ممبرشپ فارم کی رسائی ممکن ہے اسے WSO ممبرشپ خدمات کو ای میل کریں (membership@world-stroke.org).

## 2.9 اسٹروک الائنس فار یورپ (SAFE) میں شامل ہوں

یورپ کی وہ تمام قومی تنظیمیں جو خطرے سے دوچار افراد اورفالج سے متاثرہ افراد کو مدد فراہم کرتی ہیں وہ SAFE کی عام ممبر شپ کی اہل ہیں۔ ایسی تنظیموں کے لئے ایسوسی ایٹ ممبر شپ دستیاب ہے جو عام ممبر شپ کے لئے مطلوبہ معیار پر پوری نہیں اترتیں، اور ان تنظیموں کے لئے جنہوں نے SAFE کے اہداف کو قابل تحسین حد تک معاونت فراہم کی ہے کے لئے اعزازی ممبرشپ ہوگی۔ درخواست فارم www.safestroke.org سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے

SAFE کے ممبران مباحثوں کے فورم، SAFE بورڈ کی رپورٹیں، دوسری ممبر تنظیموں کے نیوز لیٹرز اور رپورٹوں تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔

## 3.9 اہم رابطے اور مفید وسائل

SSO کی ٹول کٹ کے متعلق عمومی سوالات کے لئے براہِ مہربانی ریسرچ اینڈ انفارمیشن ڈائریکٹوریٹ، اسٹروک ایسوسی ایشن سے:
**research@stroke.org.uk**

**WSO کی ممبر شپ سے متعلق سوالات کے لئے براہِ مہربانی رابطہ کریں:**

WSO ممبر شپ سروسز:
Rue de Chantepoulet ,1-3
P.O. Box 1726
Ch-1211, Geneva 1 Switzerland
**فون:** +41 22 908 9166 فیکس: +41 22 732 2607
**ای میل:** membership@world-stroke.org
**www.world-stroke.org**

**اگر آپ کا اسٹروک الائنس فار یورپ سے متعلق کوئی سوال ہے تو براہِ مہربانی رابطہ کریں:**

SAFE Secretariat (FAO Sandra Jackson)
c/o Stroke Association
Stroke Association House
City Road 240
London
EC1V 2PR
United Kingdom
**ای میل:** mail@safestroke.com

**یو کے اسٹروک ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں:**

اسٹروک ایسوسی ایشن
Stroke Association House
City Road 240
London
EC1V 2PR
**ای-میل:** info@stroke.org.uk
**www.stroke.org.uk**



# 10 تشکر گوئی

## ہم ان مندرجہ ذیل تنظیموں کے مشکور ہیں جنہوں نےاس ٹول کٹ کی تیاری میں وقت دیا اور اعانت کی:

- ورلڈ اسٹروک آرگنائزیشن کی SSO ذیلی کمیٹی
- سیف SAFE بورڈ
- اسٹروک ایسوسی ایشن، یو کے
- بلیو اسپارک کنسلٹنگ
- وہ تمام تنظیمیں اور افراد جنہوں نے ٹول کٹ کا تجزیہ اور نظرثانی کی۔

- **ایسی تما م تنظیمیں جنہوں نے سوالنامے کو مکمل کیا**
  - Associacao Brasil AVC
  - A.LI.Ce Onlus اٹالین اسٹروک ایسوسی ایشن
  - Braincare، ہانگ کانگ
  - کینیڈین اسٹروک نیٹ ورک
  - ESZME ایسوسی ایشن فار اسٹروک پریونشن، ہنگری
  - فینیش برین ایسوسی ایشن
  - جرمن اسٹروک فاؤنڈیشن
  - دی ہارٹ اینڈ اسٹروک فاؤنڈیشن ساؤتھ افریقہ
  - Lembaga Swadaya Masyarakat Himpunan Peduli Stroke (د ی اسٹروک کیئر ایسوسی ایشن نان گورنمنٹ آرگنائزیشن)، انڈونیشیا
  - دی نیشنل اسٹروک فاؤنڈیشن ، یو ایس اے
  - دی نیشنل اسٹروک فاؤنڈیشن، آسٹریلیا
  - NASAM، ملائشیا
  - نیمان اسٹروک سروائیورز آرگنائزیشن، اسرائیل
  - سلووینین اسٹروک آرگنائزیشن
  - اسٹروک ایسوسی ایشن، جاپان
  - اسٹروک ایسوسی ایشن، یو کے
  - اسٹروک ایسوسی ایشن آف وکٹوریا، آسٹریلیا
  - دی اسٹروک فاؤنڈیشن آف نیوزی لینڈ
  - دی سویڈش اسٹروک ایسوسی ایشن

**GE ہیلتھ کئیر کا شکریہ جس نے اس وسیلے کی تیاری میں لا محدود تعلیمی گرانٹ سے مطعاونت کی۔**

GE ہیلتھ کئیر اس ابتدائی قدم میں تعاون پر فخر محسوس کرتی ہے جو اس امر کو یقینی بنائے گا کہ موجودہ اسٹروک تنظیمیں کامیابی کی طرف زیادہ واضح انداز میں اپنا سفر جاری رکھیں گی اور فالج کا شکار ہونے والے افراد اور ان کے خاندان کے لوگوں کی زیادہ تعداد کودنیا بھر میں مدد فراہم کریں گی۔

**اسٹروک ایسوسی ایشن بطانیہ کی شراکت**

اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے (UK) کو تحقیق کی فنڈنگ، تحقیق کے نتائج کو مہمات میں تبدیل کرنے، حکومت کو پالیسی پر مشورہ دینے اور فالج سے متاثرہ افراد اور ان کے خاندانوں کو بہترین خدمات فراہم کرنے کا تجربہ حاصل ہے۔ یہ SAFE میں سب سے بڑی این جی او ہے اور الائنس کے لئے سیکرٹیریٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔ ریسرچ اور انفارمیشن ڈائریکٹوریٹ کے اندر پراجیکٹ مینیجمنٹ، تحقیق، تنظیمی ترقی اور شراکت میں بہت سے ماہرین کام کررہے ہیں جنہیں SSO ٹول کٹ پراجیکٹ کی فراہمی میں مہارت حاصل ہے۔

WSO کی SSO ذیلی کمیٹی کی ٹول کٹ کے لئے تجویز سامنے آنے کے بعد، اسٹروک ایسوسی ایشن برطانیہ کو اس منصوبے کی تکمیل کے لئے کہا گیا۔ پراجیکٹ کو فنڈ ورلڈ اسٹروک آرگنائزیشن نے مہیا کئے ہیں اور اس سلسلے میں رپورٹیں تواتر کے ساتھ WSO بورڈ، SSO ذیلی کمیٹی اور SAFE کو ارسال کی جاتی رہی ہیں۔

**پراجیکٹ مینیجر:**
ویریٹی بیکر، اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے

# 11 ذمہ داری سے دست برداری

یہ ٹول کٹ دنیا بھر میں 2012 کے دوران SSO کی صورت حال کی تصویر پیش کرتی ہے۔ اگرچہ ہر ممکن کوشش کی گئی ہے کہ اس ٹول کٹ میں تمام معلومات مکمل، درست اور تازہ ترین ہوں، مگر اس کی کوئی ضمانت فراہم نہیں کی جاتی۔ اس ٹول کٹ کی چھپائی کے بعد اس میں موجود معلومات میں تبدیلی آسکتی ہے یا وہ غلط ہو سکتی ہیں۔ اس ٹول کٹ میں موجود تما م معلومات اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے اور ورلڈ اسٹروک آرگنائزیشن کے علم کے مطابق چھپائی کے وقت تک درست تھیں (ستمبر 2012)۔

اس ٹول کٹ میں موجود معلومات ان معلومات پر انحصار کرتی ہیں جو ان لوگوں نے فراہم کیں جنہوں نے اسٹروک ایسوسی ایشن یوکے کے سوالنامے کا جواب ارسال کیا۔ اسٹروک ایسوسی ایشن یوکے ان معلومات کے درست ہونے کی ذمہ دار نہ ہے اور اس طرح سے کسی غلطی، کوتاہی یا نقصان کی ذمہ دار نہ ہے جو اس ٹول کٹ میں موجود معلومات کو استعمال میں لانے کی وجہ سے ہو۔ اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے اور ورلڈ اسٹروک ایسوسی ایشن کو کسی ویب سائٹ یا ہائپرلنک کے مواد کے لئے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا جن کا حوالہ اس میں ہو۔

## فرہنگ

**AF** – ایٹریل فیبریلیشن، دل کی دھڑ کن کی بے قاعدگی جو فالج کے حملے کا باعث بن سکتی۔
**EU** – یورپی یونین
**NGO** – غیر سرکاری تنظیم
**SAFE** – اسٹروک الائنس فار یورپ
**SSO** – اسٹروک سپورٹ آرگنائزیشن
**WSF** – ورلڈ اسٹروک فیڈریشن
**WSD** – ورلڈ اسٹروک ڈے
**WSO** – ورلڈ اسٹروک آرگنائزیشن

# ضمیمہ I –

## اسٹروک ایسوسی ایشن یو کے فیکٹ شیٹس

دنیا کے اندر موجود SSOs فیکٹ شیٹس کی ایک وسیع حد تیار کرتی ہیں - ان میں زیادہ تر ان کی ویب سائٹس پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ یہاں پراسٹروک ایسوسی ایشن یو کے کی تیار کردہ فیکٹ شیٹ کی فہرست درج ہے۔

- ہم یہا ں آپ کی خدمت کے لئے موجود ہیں
- تمباکو نوشی اور فالج کا خطرہ
- اسٹروک کیا ہوتا ہے؟
- اسٹروک کے بعد مدد
- اسٹروک سے کیسے بچا جا سکتا ہے
- افریقائی ۔کیریبین لوگوں میں فالج کا حملہ
- فالج کا حملہ کب ہوتا ہے
- فالج کے بعد توازن کے مسائل
- فالج کے بعد زندگی
- احساس محرومیت اور فالج
- بحالی کا راستہ
- فالج کے بعد مرگی
- عارضی اسکیمیک حملہ
- دماغی فالج
- فالج کے بعد ڈرائیونگ
- ایٹریل فیبریلیشن (AF) اور فالج
- فالج کے بعد گفتگو کے مسائل
- ہالیڈے انفارمیشن
- اسٹروک: نگہداشت کرنے والے شخص کے لئے گائیڈ
- درد شقیقہ اور فالج
- فالج کے بعد نگلنے کے مسائل
- فالج کے بعد دیوانگی
- بلند فشار خون اور فالج
- فالج کے بعد درد
- فالج کے بعد شناخت کرنے کے مسائل
- فالج کے بعد جنسی تعلقات
- صحت مند خوراک اور فالج
- جنوبی ایشیائی لوگوں میں فالج
- کم عمر بالغ افراد میں فالج
- فالج کے جسم پر اثرات
- فالج کے بعد ڈپریشن
- بچپن میں فالج
- فالج کے بعد خون پتلا کرنے والی ادویات
- اسکیمیک فالج
- فالج کے بعد تنہائی پسندی کے مسائل
- فالج کے بعد جذباتی تبدیلیاں
- الکحل اور فالج
- فالج کے بعد بینائی کے مسائل
- فالج کےبعد اسپیچ اور لینگوئج تھراپی
- خواتین اور فالج
- ذیابیطس اور فالج
- فالج کے بعد نقاہت
- فالج کے بعد فزیو تھراپی
- فالج کے بعد ذائقے کی تبدیلی
- فالج کے بعد پیشہ ورانہ تھراپی
- شریا ن سے وابستہ مرض
- فوائد اور مالی اعانت
- بچوں کے لئے فالج کی وضاحت
- طالب علموں اور پیشہ ور افراد کے لئے وسائل
- ورزش اور فالج
- خود مختار زندگی کے لئے اعانت اور سازوسامان (بشمول کمیونٹی الارمز)
- شکایت کرنا
- اضافی تھراپی
- فالج کے بعد تفریحی سرگرمیاں
- الیکٹرانک مواصلاتی ایڈز اور سافٹ وئیر
- نجی علاج

# ضمیمہ II –

## منصوبہ بندی آلات

یہ آپ کے SSO کے اہم اسٹیک ہولڈرز کی شناخت، ان کے مفادات کا تجزیہ اور جس طریقے سے وہ مفادات آپ کی تنظیم کو متاثر کرتے ہیں ان کی تشریح ہے۔ اسٹیک ہولڈر وہ شخص، گروپ یا تنظیم ہے جسے آپ کی SSO کے ساتھ کوئی دلچسپی ہے یا اس کو ہونی چاہیئے۔

### ہر ایک اسٹیک ہولڈر کے لئے آپ فہرست تیار کریں:

- اس کا نام:
- آپ کی SSO کے لئے اس کی اہمیت کا درجہ (بہت زیادہ، درمیانہ یا کم)
- ان کا آپ کی SSO میں دلچسپی کا درجہ (بہت زیادہ، درمیانہ یا کم)
- اان کا آپ کی SSO پر اثر ورسوخ کا درجہ (بہت زیادہ، درمیانہ یا کم)
- ان کی توقعات اور ضروریات
- ان کی توقعات اور ضروریات

آپ مندرجہ بالا تجزیے کو اپنی SSO کے لئے ان کی نسبی اہمیت اور جو پالیسی آپ کی SSO ان کے متعلق اختیار کرنا چاہتی ہے اس کا فیصلہ کرنے کے لئے استعمال کریں۔

### SWOT تجزیہ

ایک بہت عام منصوبہ بندی ٹول جو آپ کی SSO کی صلاحیت، کمزوری ، مواقع اور خطرات کی جانچ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ صلاحیتیں اور کمزوریاں جاننے سے اس بات کا ادراک ہوتا ہے کہ آپ کی SSO کون سے کام اچھے طریقے سے انجام دے سکتی ہے اور کہا ں پر بہتری کی ضرورت ہے۔ مواقع اور خطرات سے خارجی ماحول میں ان تبدیلیوں اور رحجانات کی شناخت ہوتی ہے جو آپ کی SSO کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہو تی ہے۔

### پیسٹ Pest تجزیہ

پیسٹ ایک ایسا ٹول ہے جو آپ کی SSO کے لئے مستقبل کے متوقع بیرونی ماحول کو بہت سے عنوانات کے تحت جانچنے میں مدد فراہم کرتا ہے:

- سیاسی
- معاشی
- سماجی
- تکنیکی

اس کا ایک توسیع شدہ ورژن بھی ہے جسے PESTLE کہا جاتا ہے اور اس میں قانونی اور ماحولیاتی عوامل شامل ہوتے ہیں۔

ایک دفعہ جب آپ نے ان عوامل یا رحجانات کی ہر ایک عنوان کے تحت فہرست تیار کر لی ، پھر آپ ان کو ان اثرات اور امکانات کے مطابق ترجیح دے سکتے ہیں۔

## خدمت/ پراڈکٹ میٹرکس

اس ٹول کو McKinsey/GE Matrix سے رضاکارانہ سیکٹر میں استعمال کے لئے اختیار کیا گیا ہے جوکہ بہت مشہور بزنس ٹول ہے۔ یہ آپ کی SSO کو اس کی خدمات اور پراڈکٹس کے تجزیے کے لئے مدد فراہم کرتا ہے تاکہ ا س بارے میں فیصلہ کیا جائے کہ کس جگہ سرمایہ لگانا ہے ، ا س کی نظرثانی کرنی ہے یا اس کو روکنا ہے۔

آپ کو یہ تجزیہ کرنے کی ضرورت ہے کہ آپ کی ہر ایک خدمت/ مصنوعہ دوعوامل کے لحاظ سے اعلیٰ یا درمیانی یا کم درجے کی ہیں:

اس شعبے میں مارکیٹ کی توجہ۔ اس میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں:

- مارکیٹ کا حجم
- مارکیٹ کی بڑھوتری
- مارکیٹ کا منافع
- قیمتوں کے رحجانات
- مقابلہ جاتی شدت

شعبے کی صلاحیت۔ ا س میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوں گی:

- قابلیتوں کی طاقت
- برانڈ کی طاقت
- گاہک/ صارف وفاداری
- جدت کا ریکارڈ
- مالیات تک رسائی

## خطرے کا تجزیہ

یہ ٹول آپ کو خطرات کی فہرست تیار کرنے، ان کی درجہ بندی کرنے اور ان کو ترتیب دینے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ہر ایک خطرے کے لئے آپ اس کے ممکنہ اثرات کا تجزیہ کرتے ہیں اور ممکنہ طور پر اس کے پیدا ہونے کے درجے کا اندازہ کرتے ہیں (اکثر اوقات 1 سے5 تک، جہاں 1=کم اور 5 = زیادہ کے لئے ہے)   ان خطرات کے لئے جن کے اثرات کا ممکنہ طور پر مجموعی اسکور سب سے زیادہ ہو، آپ ان کے لئے کئی ایک ایکشن اور منصوبے تیار کرتے ہیں جس سے اس خاص خطرے کو کم کرنے یا ختم کرنے میں مدد ملے گی۔

# ضمیمہ III –

## ایک آئین کی مثال

**1) نام**
SSO کا نام ہوگا

..........................................................................................

**2) مقصد**
SSO کا مقصد ہوگا

..........................................................................................

**3) اختیارات**
**اپنے مقاصد کے حصول کے لئے SSO مندرجہ ذیل امور سرانجام دے سکتی ہے:**
ا. سرمایہ اکٹھا کرنا
ب. بینک اکاؤنٹ کھولنا
پ. عمارت کا حصول اور اس کا استعمال
ت. انشورنس لینا
ٹ. عملہ بھرتی کرنا
ث. کورسز اور تقریبات کا انتظام کرنا
ج. اپنے جیسے گروپوں کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرنا اور ان سے مشورہ لینا
چ. ہر ایسا قدم اٹھانا جو قانونی ہو جو اس کے مقصد کو پورا کرنے میں مدد فراہم کرے۔

**4) رکنیت**
ا. SSO کی رکنیت ہر ایک شخص کے لئے کھلی ہوگی جس کی عمر اٹھارہ) یا متبادل عمر( سال ہوجس کا تعلق اس کی معذوری ، سیاسی یا مذہبی وابستگی یا نسل ، جنس یا جنسی دلچسپی سے نہ ہوگا اور جو:
- SSO کی اس کے مقاصدکے حصول میں مدد دینے میں دلچسپی رکھتا ہو
- جو SSO کے قواعد وضوابط پر عمل کرنے کے لئے تیار ہو اور
- انتظامی کمیٹی کی طرف سے منظورکردہ چندہ رکنیت دینے پر تیار ہو۔

ب. انتظامی کمیٹی کسی بھی رُکن کی رکنیت کسی بھی وجہ سے ختم کرسکتی ہے اس شرط کے ساتھ کہ متعلقہ رُکن کو انتظامی کمیٹی ایک دوست کے ساتھ کسی بھی فیصلے سے قبل شنوائی کا موقع فراہم کرے گی۔

**5) انتظام**
ا. SSO کا انتظام ایک انتظامی کمیٹی چلائے گی جس کے کم از کم تین ممبران اور زیادہ سے زیادہ ...ممبران ہوں گے اور ان کا انتخاب SSO کے سالانہ عام اجلاس (A.G.M.) میں ہوگا۔
ب. انتظامی کمیٹی کے افسران ہوں گے: چیئر پرسن، خزانچی اور سیکٹری۔
پ. انتظامی کمیٹی اسی کمیٹی کے لئے فیصلہ کرسکتی ہے کہ اس میں تین تک اشخاص، مشاورتی اور نان ووٹنگ صلاحیت کے ساتھ ہوں گے جو یہ کمیٹی محسوس کرے کہ SSO کے مقصد کو پورا کرنے میں مدد گار ثابت ہو سکتے ہیں۔
ت. انتظامی کمیٹی سال میں کم از کم دوبار اجلاس منعقد کرے گی۔
ٹ. انتظامی کمیٹی کے کم از کم تین ممبران کا انتظامی کمیٹی کے اجلاس میں حاضر ہونا ضروری ہے۔
ث. انتظامی کمیٹی کے اجلاس میں ووٹنگ ہاتھ اٹھانے کے طریقے سے ہوگی۔ اگر ووٹ برابر ہوں تو ایسی صورت میں چیئرپرسن دوسرا ووٹ استعمال کرے گا۔
ج. انتظامی کمیٹی کسی کمیٹی رکن کو مناسب اور درست وجہ کی بنیاد پر اس کے عہدے سے ہٹانےکا اختیار رکھتی ہے۔
چ. انتظامی کمیٹی کسی بھی دوسرے SSO رکن کا بطور کمیٹی رکن تقرر کر کےخالی آسامی کو پر کرنے کا اختیار رکھتی ہے، بشرطیکہ وضع کی گئی زیادہ سے زیادہ تعداد سے تجاوز نہ ہو۔

**6) افسران کے فرائض**
ا. چیئرپرسن کے فرائض مندرجہ ذیل ہوں گے:
- کمیٹی اور SSOکےاجلاس کی سربراہی کرنا
- تقریبات/ اجلاسوں میں SSO کی نمائندگی کرنا جن میں SSO کو شرکت کی دعوت دی گئی ہو
- اور جب کبھی ضروری ہو SSO کے ترجمان کی حیثیت سے کام کرنا۔

ب. سیکٹری کے فرائض میں شامل ہے:
- رکنیت کی فہرست رکھنا

- چیئرپرسن کے مشورے سے کمیٹی اور SSO کے اجلاس کا ایجنڈا تیار کرنا۔
- تمام اجلاسوں کے اندر اہم نکات کو نوٹ کرنا اور ان کو سنبھال کر رکھنا
- اور متعلقہ معلومات کا SSO کے اندر حاصل کرنا اور اس کو پھیلانا

پ. خزانچی مندرجہ ذیل فرائض سرانجام دے گا:
- SSO کے تمام مالی معاملات کی نگرانی کرنا اور؛
- درست طریقے سے اکاؤنٹ سنبھالنا جس میں وصول ہونے والی اور خرچ ہونے والی تمام رقوم نظر آئیں۔

**7) مالیات**

ا. تما م اقسام کی رقوم جو SSO وصول کرے یا اس کی طرف سے کوئی اور وصول کرے ان کو SSO کے مقصد کو آگے بڑھانے کے علاوہ کسی بھی اور مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

ب. SSO کے لئے کھولا جانے والا کوئی بھی بینک اکاؤنٹ SSO کے نام سے ہوگا۔

پ. جاری ہونے والے کسی بھی چیک پر خزانچی یا انتظامی کمیٹی کے کسی بھی نامزد رکن کے دستخط ہوں گے۔

ت. ملکی قوانین کے مطابق SSO اس بات پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گی کہ اس کے اکاؤنٹ کا ہر سال آڈٹ یا آزادانہ معائنہ ہوتا ہے۔

ٹ. SSO اپنے ممبران یا انتظامی کمیٹی کے ممبران کو مناسب خرچ کی ادائیگی بشمول سفر خرچ، حفاظتِ صحت بچگان کے اخراجات اور کھانے کے اخراجات کی ادائیگی کر سکتی ہے۔

**8) سالانہ اجلاس عام**

ا. SSO اپنا سالانہ اجلاس عام (A.G.M.) ----- کے مہینے میں منعقد کرے گی ...............................................

ب. تمام ممبران کو(A.G.M.) کے بارے میں کم از کم 14 دن قبل نوٹس دیا جائےگا اور ان کو اجلاس میں حاضری اور ووٹ کا حق دیا جائےگا۔

پ. A.G.M. کی کارروائی میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوں گی:
- چیئرپرسن کی طرف سے SSO کی پورے سال کی سرگرمیوں کے متعلق رپورٹ پیش کی جائے گی
- خزانچی SSO کے حسابات کے متعلق رپورٹ پیش کرے گا
- نئی انتظامی کمیٹی کا انتخاب ہوگا اور؛
- کوئی اور معاملہ جس کے متعلق فیصلہ کیا گیا ہو۔

ت. کم از کم ------- ممبران کی حاضری سالانہ اجلاس عام اور کسی دوسرے اجلاس عام میں ہونا ضروری ہے ۔

**9) اجلاس عام**

ا. ہرسال دو اجلاس عام ہوا کریں گے (AGM کے علاوہ)

ب. تما م ممبران کو اجلاس میں حاضرہونے اور ووٹ دینے کا اختیار ہوگا۔

**10) خصوصی اجلاس عام**

خصوصی اجلاس عام انتظامی کمیٹی یا ------- ممبران کسی بھی اہم معاملے پر بحث کرنے کے لئے بلا سکتے ہیں۔ سیکٹری تمام ممبران کو کسی بھی خصوصی اجلاس عا م کے لئے چودہ دن کا نوٹس ارسال کرے گا اس کے ساتھ زیر بحث آنے والی کارروائی کا نوٹس بھی ہوگا۔

**11) آئین میں ترامیم**

اس آئین کے اندر کسی بھی ترمیم کے لئے ان ممبران کی دوتہائی تعداد کا متفق ہونا ضروری ہے جو حاضر ہوں اور کسی بھی اجلاس عام میں ووٹ ڈال رہے ہوں۔

**12) انحلال یا خاتمہ**

SSO کو کسی بھی وقت ختم کیاجاسکتا ہے بشرطیکہ ان ممبران کی دوتہائی تعدادجو حاضر ہوں اور کسی بھی اجلاس عام میں ووٹ ڈال رہے ہوں اس پر متفق ہوں۔ خاتمے کی صورت میں کوئی بھی اثاثہ یا اثاثہ جات جو تمام قرضے ادا کرنے کے بعد بچ جائیں گے ان کو کسی دوسری SSO یا تنظیم کو دیا جائے گا جس کے مقاصد اس سے مماثلت رکھتے ہوں۔

**13) آئین کو قبول کرنا**

پہلی AGM کے منعقد ہونے تک وہ لوگ جن کے نام ،پتے اور دستخط اس دستاویز کے آخر پر موجود ہیں انتظامی کمیٹی کے طور پر کام کریں گے جن کاحوالہ اس آئین میں موجود ہے۔ اس آئین کو مندرجہ ذیل نے مورخہ ----- کو قبول کیا۔

نام.......................................................................

پتہ......................................................................

.........................................................................

دستخط کردہ............................................................

**شائع کردہ**
Stroke Association
Stroke Association House
City Road 240
London
EC1V 2PR
ای-میل: info@stroke.org.uk
stroke.org.uk



Item Code: **A12UKSF05**
استروک ایسوسیشین ایک گارنٹی شدہ لمیٹڈ کمپنی ہے، جو برطانیہ اور ویلز میں رجسٹرڈ ہے (No 61274)۔
رجسٹرڈ آفس: Stroke Association House, 240 City Road, London EC1V 2PR برطانیہ اور ویلز میں بطور چیرٹی رجسٹرڈ (No 211015)
اور اسکاٹ لینڈ میں (SC037789)۔ شمالی آئر لینڈ میں بھی رجسٹرڈ (XT33805) جزیرہ مین (نمبر 945) اور جرسی میں (NPO 369)۔